آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز بدھ 23 نومبر 2022ء بمطابق 15 ربیع الثانی 1444ھ | شمارہ نمبر 275

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبوں کو بہت اختیارات مل چکے ہیں، گورنر بلوچستان

یہ ستم ظریفی ہے کہ پاکستان کی خطے میں انوسٹمنٹ اور جی ڈی پی کی شرح بہت کم ہے۔ انوسٹمنٹ اور جی ڈی پی کی کم شرح کا ایشو فوری توجہ کا متقاضی ہے

اختیارات کو صوبے کے بہترین مفاد میں بروئے کار لانے کیلئے ملک وصوبے کے مفکرین اور ماہرین ہماری رہنمائی کریں، اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبوں کو بہت اختیارات مل چکے ہیں

بیوٹمز یونیورسٹی میں پاکستان سوسائٹی آف ڈویلپمنٹ اکانومسٹس کی 36 ویں سالانہ کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی

کوئٹہ (خ ن) قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد صوبوں کو بہت اختیارات مل چکے ہیں۔ ان اختیارات کو صوبے کے بہترین مفاد میں بروئے کار لانے ملک اور صوبے کے مفکرین اور ماہرین ہماری رہنمائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کا انحصار سازگار ماحول، دستیاب مہارت اور لیبر کی پیداواری صلاحیت پر ہے۔ اس ضمن میں پاکستان سوسائٹی آف ڈویلپمنٹ اکانومسٹس کی سالانہ کانفرنس کئی اہم سوالات کے پائیدار حل میں معاون ثابت ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیوٹمز یونیورسٹی میں پاکستان سوسائٹی آف ڈویلپمنٹ اکانومسٹس کی 36 ویں سالانہ کانفرنس کے شرکاء سے بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر مسٹر ناجی بین حسین ملاقات کررہے ہیں

سیلاب متاثرین کو گھروں کی تعمیر نو کیلئے پانچ پانچ لاکھ روپے دیئے جائینگے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں صوبائی کی جانب سے فوری اور موثر ردعمل اور ریسکیو اور امدادی سرگرمیوں کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے بحالی اور تعمیر نو کے عمل میں معاونت کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی

کسانوں کی مدد کیلئے صوبائی حکومت 2.2 ارب روپے کی لاگت سے گندم کے بیج مفت فراہم کررہی ہے، عالمی بینک کی معاونت میں اضافے اور سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر نو میں بنک کے مالی اور تکنیکی تعاون کا جائزہ لیا گیا

عالمی بنک نے سیلاب متاثرہ علاقوں میں شعبہ آب زراعت زرائع معاش اور ہاوسنگ کے شعبہ میں بحالی اور تعمیر نو کے لئے انتہائی آسان شرائط پر سوملین ڈالر کے قرض کی فراہمی کی پیشکش بھی کی ہے، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) عالمی بنک کی جانب سے بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں صوبائی کی جانب سے فوری اور موثر ردعمل اور ریسکیو اور امدادی سرگرمیوں کو قابل ستائش قرار دیتے ہوئے بحالی اور تعمیر نو کے عمل میں معاونت کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی گئی ہے جبکہ عالمی بنک نے سیلاب متاثرہ علاقوں میں شعبہ آب زراعت زرائع معاش اور ہاوسنگ کے شعبہ میں بحالی اور تعمیر نو کے لئے انتہائی آسان شرائط پر سوملین ڈالر کے قرض کی فراہمی کی پیشکش بھی کی ہے عالمی بنک کے وفد نے بنک کے کنٹری ڈائریکٹر مسٹر ناجی بین حسین کی قیادت میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے ایک انتہائی اہم اور مفید ملاقات کی جس میں بنک کے ڈپٹی کنٹری ڈائریکٹر گیلیس بے ڈرافلس چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی اور وفاقی سیکریٹری اکنامک افیئر ز کاظم نیاز بھی موجود تھے ملاقات میں عالمی بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

چھاتی کے کینسر کو بروقت تشخیص، علاج اور توجہ سے شکست دی جاسکتی ہے، ثمینہ عارف علوی

اپنے روزمرہ کے معمولات میں ہم کام کے ساتھ صحت کی دیکھ بھال کو نظر انداز کرتے ہیں جس سے گریز کرنا چاہیے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت کی اہلیہ بیگم ثمینہ عارف علوی نے کہا ہے کہ چھاتی کا کینسر لاعلاج مرض نہیں اور اسے بروقت تشخیص، علاج اور توجہ سے شکست دی جاسکتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں بریسٹ کینسر کے متعلق آگاہی سیمینار سے خطاب کرتے بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ پرائس لسٹ کی خلاف ورزی اور تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ کی ہدایت پر شہر بھر میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے گراں فروشوں، منافع خوروں، پرائس بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

میٹرک کے امتحانات کے فارم جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی گئی

کوئٹہ (این این آئی) میٹرک کے امتحانات کے فارم جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع کردی گئی۔ بلوچستان بورڈ کے ایک اعلامیہ کے مطابق بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

پنجگور بارڈر کے مسئلہ ڈپٹا کی بندش اور دیگر مطالبات کی منظوری کے لئے تاجران کمیٹی پنجگور کی جانب سے مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی

پنجگور (این این آئی) پنجگور بارڈر کے مسئلہ ڈپٹا کی بندش اور دیگر مطالبات کی منظوری کے لئے تاجران کمیٹی پنجگور کی جانب سے مکمل بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ڈیرہ بگٹی کے امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے کسی کو بھی حالات خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ڈپٹی کمشنر

ڈیرہ بگٹی (خ ن) ڈیرہ بگٹی کے امن و امان کو برقرار رکھنے کے لیے کسی کو بھی حالات خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی کوئی عناصر کے بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

آصف زرداری کی شہباز شریف سے ملاقات، مجموعی ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

وزیراعظم شہباز شریف نے کابینہ کا خصوصی اجلاس جمعرات کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کابینہ کا خصوصی اجلاس جمعرات کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس جمعرات کی بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

پاک فوج کے حق میں ریلی نکالنے پر علی امین کی ہشام انعام اللہ پر تنقید، ویڈیو سامنے آگئی

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے جنرل سیکرٹری علی امین گنڈاپور کی ایک اور ویڈیو سامنے آئی ہے۔ ویڈیو بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

سوئی گیس کی 12 انچ قطر پائپ لائن کی مرمت کا کام 24 نومبر تک کرلیا جائیگا، ترجمان سوئی گیس

کوئٹہ (این این آئی) سوئی سدرن گیس کمپنی کے ترجمان نے کہا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کی 12 انچ قطری کوئٹہ پائپ لائن پر حادثہ بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

امریکی فرم سے معاہدے کے بعد عمران خان یوٹرن لے رہے ہیں، شیری رحمان

اچانک عمران خان کو خیال آیا کہ ان کی حکومت گرانے میں بیرونی اور اندرونی سازش نہیں تھی، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ماحولیات اور پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شیری رحمان نے کہا ہے کہ امریکی لابنگ فرم سے معاہدہ کرنے کے بعد عمران خان امریکا اور اسٹیبلشمنٹ پر لگائے گئے الزامات پر مسلسل یوٹرن لے رہے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے بیان میں بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ماحولیاتی انصاف کا مطالبہ عالمی سطح پر منظور ہونا پاکستان کی بڑی سفارتی کامیابی ہے، مریم اورنگزیب

دنیا نے پاکستان کا موقف تسلیم کرلیا، وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان کے موقف نے عالمی اتفاق رائے بنانے میں فیصلہ کن کردار ادا کیا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ماحولیاتی انصاف کا مطالبہ عالمی سطح پر منظور ہونا پاکستان کی بڑی سفارتی کامیابی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ ممالک کے نقصانات کے ازالے کا عالمی فنڈ قائم ہونا پاکستان بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وزیراعظم میاں شہباز شریف سابق صدر آصف علی زرداری سے ملاقات کررہے ہیں

وفاقی وزیر تجارت سے پاکستان میں جنوبی افریقہ کے ہائی کمشنر کی ملاقات، دوطرفہ تجارت کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر سے پاکستان میں جنوبی افریقہ کے ہائی کمشنر ایم مدکیزانے نے منگل کو انکے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں تیسری پاکستان افریقہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ کانفرنس اور سنگل کنٹری نمائش پر خصوصی توجہ کے ساتھ پاکستان جنوبی افریقہ دوطرفہ تجارت کے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی پاکستان کی معاشی ترقی کے حوالے سے منعقدہ سالانہ کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

عمران خان قوم کو بیوقوف بنارہے ہیں حقیقی آزادی مارچ نہیں بلکہ ٹوپی ڈرامہ ہے، سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری، وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع

قلات (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری، وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ عمران خان قوم کو بیوقوف بنارہے ہیں حقیقی آزادی مارچ نہیں بلکہ ٹوپی ڈرامہ ہے، توشہ خانہ کیس اور فارن فنڈنگ کیس سے راہ فرار اختیار کی جارہی ہے۔ یہ بات بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے وزیر دفاع خواجہ آصف کی ملاقات، اہم تعیناتی پر مشاورت

آرمی چیف کی تعیناتی کے حوالے سے آئندہ 24 گھنٹوں میں پیشرفت متوقع

آرمی چیف تقرری، وزارت دفاع کے پاس (آج) سینئر افسران کے نام آجائیں گے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے وزیر دفاع خواجہ آصف نے ملاقات کی جس میں اہم تعیناتیوں سے متعلق مشاورت کی گئی ہے۔ وزیراعظم میاں شہباز شریف سے وزیر دفاع خواجہ آصف کی اہم مشاورتی ملاقات کے موقع پر وزیراعظم کے معاون خصوصی ملک احمد خان بھی موجود تھے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے گزشتہ روز بھی وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی تھی جس میں بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

عمران خان مارچ کے ذریعے اہم تعیناتی کے معاملے پر دباؤ ڈالنا چاہتے ہیں، وزیر داخلہ

یہ چاہتے ہیں اسٹیبلشمنٹ مجبور ہو کر بات کرے، اسلام آباد کو نرغے میں نہیں لینے دیں گے

26 نومبر سے پہلے تعیناتی ہوجائے گی جس سے مارچ بے معنی ہوجائے گا، رانا ثنا اللہ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ عمران خان لانگ مارچ کے ذریعے اہم تعیناتی کے معاملے پر دباؤ ڈالنا چاہتے ہیں مگر 26 نومبر سے پہلے تعیناتی ہوجائیگی جس سے ان کا مارچ بے معنی ہوجائے گا۔ ایک انٹرویو میں وزیر داخلہ نے کہا کہ عمران خان مغالطے میں ہیں کہ اسٹیبلشمنٹ الیکشن کی تاریخ لیکر دے گی مگر اسٹیبلشمنٹ ان کو الیکشن کی تاریخ نہیں لیکر دے گی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پی ڈی ایم کے تین بڑوں کو بلایا گیا تھا، کہا قبل از وقت الیکشن پر وزیراعظم استعفیٰ دے دیں گے، پی ڈی ایم نے اسٹیبلشمنٹ سے کہا کہ یہ آپ کی رائے ہے؟ اسٹیبلشمنٹ نے کہا کہ یہ ہماری رائے نہیں ہے۔ بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کے انکم ٹیکس ریٹرنز لیک، ہم کچھ لوگوں تک پہنچ چکے ہیں، اسحاق ڈار

آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے انکم ٹیکس ریٹرنز لیک ہونا غیر قانونی تھا، پاکستان کے ڈیفالٹ ہونے کا خطرہ نہیں، وزیر خزانہ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کے انکم ٹیکس ریٹرنز لیک ہونا غیر قانونی تھا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ آرمی چیف کے انکم ٹیکس ریٹرنز کا لیک ہونا غیر قانونی تھا، اس سلسلے میں مجھے ایک عبوری تحقیقاتی رپورٹ مل گئی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

ہماری جدوجہد کا مقصد اور نصب العین بلوچ قوم و بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ہے، سردار اختر مینگل

اگر جملہ قومی مسائل پر خاموشی اور مصلحت پسندی اختیار کرتے تو آج بی این پی، اس کے دوست اور کارکن مشکلات وتکالیف میں نہیں گرے ہوتے

لاپتہ افراد سمیت جملہ قومی مسائل پر اصولی موقف نے نام نہاد لوگوں اور بلوچستان کی عوام کے درمیان سیاسی خلاء پیدا کررکھی ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیر اعلیٰ ورکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ لاپتہ افراد سمیت جملہ قومی مسائل پر اصولی موقف نے نام نہاد لوگوں اور بلوچستان کی عوام کے درمیان سیاسی خلاء پیدا کررکھی ہے اگر جملہ قومی مسائل پر خاموشی اور مصلحت پسندی اختیار کرتے تو آج بی این پی، اس کے دوست اور کارکن مشکلات وتکالیف میں نہیں گرے ہوتے، ہماری جدوجہد کا مقصد اور نصب العین بلوچ قوم و بلوچستان کی ترقی و خوشحالی ہے، بعض نام نہاد جماعتیں گرینڈ گرینڈی پروگراموں سے عوام میں اپنی گرتی ہوئی ساکھ بچانے کی ناکام کوشش کررہے ہیں بلوچستان میں لاپتہ افراد کا مسئلہ نہایت ہی سنگین اور حساس ہے آج پریس کلب کوئٹہ کے باہر کئی سالوں سے ہمارے مائیں بہنیں اپنے پیاروں کی بازیابی کیلئے بیٹھے ہوئے انتظار کررہی ہیں لیکن بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

ینگ ڈویلپمنٹ فیلوز پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو پبلک پالیسی کے معاملات سیکھنے میں مدد فراہم کرنا ہے، احسن اقبال

ینگ ڈویلپمنٹ فیلوز پروگرام وزارت منصوبہ بندی کا ایک بہترین اقدام ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی و خصوصی اقدامات کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت نوجوانوں کو بہترین مواقع فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے اور ینگ ڈویلپمنٹ فیلوز (YDFs) پروگرام وزارت منصوبہ بندی کا ایک بہترین اقدام ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو پبلک پالیسی کے معاملات سیکھنے میں مدد فراہم کرنا ہے تاکہ وہ ملکی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت منصوبہ بندی میں باضابطہ طور پر شامل ہونے والے 40 YDFs کے بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کا مسودہ قانون منظور کرلیا

2018ء میں ہوٹل مالکان کو اعتماد میں لیے اور ان کے تحفظات سے بغیر ٹیکس میں 8 سو فیصد تک اضافہ کیا گیا

ارکان نے صوبے میں گیس بحران کا معاملہ ایک مرتبہ پھر اسمبلی اجلاس میں اٹھا دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کا مسودہ قانون منظور کرلیا، اجلاس میں صوبے میں بجلی اور گیس کی کمی کا بحران پھر زیر بحث آیا، صوبائی وزیر منصوبہ بندی نور محمد دمڑ نے زیارت میں سوئی گیس کی عدم فراہمی پر علاقہ کمیٹیوں کے ہمراہ اسمبلی کے سامنے دھرنا دینے کا اعلان کیا، اے این پی کے اراکین نے مسلم باغ کو ضلع کی درجہ دینے کا مطالبہ کیا، بلوچستان اسمبلی کا اجلاس منگل کو ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر سے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل کی زیر صدارت شروع ہوا اجلاس میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ ریونیو سے دریافت کیا کہ 2018ء میں بلوچستان میں رہائشی ہوٹلوں پر حالات کا درست تجزیہ کے بغیر بھاری ٹیکس عائد کیے گئے اور اس وقت بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

عمران خان دھرنے کی دھمکی دے کر آرمی چیف کی تعیناتی پر اثر انداز ہونا چاہتا ہے، شاہد خاقان عباسی

2018ء کے انتخابات چوری کیے گئے وہ سب کے سامنے ہے اور آج ملکی حالات کی ذمہ داری اسی الیکشن پر ہے

چیف کی تعیناتی کا حق صرف وزیراعظم کے پاس ہے، سمری میں سے جو بھی افسر عہدے کیلئے اہل ہوں گے وزیراعظم ان کا انتخاب کریں گے، سابق وزیراعظم

جہلم (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ عمران خان کا لانگ مارچ لاہور میں گھومتا رہا مگر جب ملک کے آرمی چیف کی تعیناتی کا فیصلہ ہونے جارہا ہے تو اسی دن دھرنے کی دھمکی دے کر فیصلے پر اثر انداز ہونا چاہتا ہے۔ ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ آئین کے مطابق آرمی چیف کی تعیناتی کا حق صرف بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

قلات لیویز کی کامیاب کارروائی بجلی کی تاریں چوری کرنے والے گروہ دو کارندے گرفتار مسروقہ تاریں برآمد

قلات (این این آئی) قلات لیویز کی کامیاب کارروائی بجلی کی تاریں چوری کرنے والے گروہ دو کارندے گرفتار مسروقہ تاریں برآمد ملزمان نے جرم کا اعتراف کرلیا۔ قلات لیویز کے مطابق کے شہر کے مختلف مقامات سے نامعلوم ملزمان مختلف فیڈرز کی تاریں کاٹ کر لیے گئے اور نیشنل ہائی وے پر بھی رہزنوں نے مختلف کارروائیاں کی تھیں۔ جس پر ایکشن لیکر بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں امن امان قائم کیا جائے بصورت دیگر بلوچستان بھر میں مظاہرے کیے جائیں گے، ڈاکٹر اسحاق بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام ہزارہ ٹاؤن علمدار روڈ سمیت کوئٹہ میں امن امان کی مخدوش صورتحال کے خلاف پریس کلب کوئٹہ کے سامنے مظاہرہ کیا گیا مظاہرہ سے نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ، مرکزی سیکریٹری اطلاعات اسلم بلوچ مرکزی سیکریٹری ریسرچ بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

خرم دستگیر خان نے 500 کے وی کی کناری ٹرانسمیشن لائن کا سنگ بنیاد رکھ دیا

ٹرانسمیشن لائن کے ذریعے 884 میگاواٹ سکی کناری ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے بجلی کی پیداوار کو قومی گرڈ میں شامل کرے گی

75 کلومیٹر طویل 500 کے وی ٹرانسمیشن لائن 18704 ملین روپے کی لاگت سے تعمیر کی جارہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے توانائی انجینئر خرم دستگیر خان نے 500 کے وی سکی کناری ٹرانسمیشن لائن کا سنگ بنیاد رکھ دیا۔ وفاقی وزیر خرم دستگیر خان نے کہا کہ موجودہ حکومت ہائیڈرو، سولر اور ونڈ ذرائع سے ماحول دوست اور سستی بجلی کی پیداوار پر توجہ دے رہی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 75 کلومیٹر طویل 500 کے وی ٹرانسمیشن لائن 18704 ملین روپے کی لاگت سے تعمیر کی جارہی ہے۔ وفاقی بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو سے متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید ابراہیم الزعابی دوران ملاقات بات چیت کررہے ہیں

عدالت کو ڈرانے کے بجائے ریکوڈک معاہدے کی شفافیت سے متعلق بتائیں، سپریم کورٹ

ریکوڈک منصوبے میں وفاق بھی حصے دار ہے، اس لیے صوبائی حکومت کی سرمایہ کاری کی اجازت کا مسئلہ نہیں

صوبائی حکومتیں تجارتی بین الاقوامی منصوبوں میں داخل ہوسکتی ہیں، حکومتیں ریاستی سطح کے معاہدے نہیں کرسکتیں، وکیل مخدوم علی خان

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریکوڈک منصوبے کی کیس کے سماعت کے دوران ریمارکس دیئے کہ کیا بیرک گولڈ پاکستان کی معاشی صورتحال پر بھی نظر رکھے ہوئے ہے؟ بہتر ہوگا کہ عدالت کو ڈرانے کے بجائے ریکوڈک معاہدے کی شفافیت سے متعلق بتائیں۔ سپریم کورٹ میں ریکوڈک صدارتی ریفرنس پر چیف جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی بھی بنچ کا حصہ تھے۔ ریکوڈک منصوبے میں سرمایہ کار بیرک گولڈ کمپنی کے وکیل مخدوم علی خان نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومتیں تجارتی بین الاقوامی منصوبوں میں داخل ہوسکتی ہیں، حکومتیں ریاستی سطح کے معاہدے نہیں کرسکتیں۔ چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے ریمارکس دیئے بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

لانگ مارچ کا کوئی مستقبل نہیں، سینیٹر شمیم آفریدی

افواج پاکستان کے خلاف سازش بیرونی آلہ کاروں کی خوشنودی کے لیے کی جارہی ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے نجکاری

کوہاٹ (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری سینیٹر شمیم آفریدی نے کہا ہے کہ لانگ مارچ کا کوئی مستقبل نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے نجکاری سینیٹر شمیم آفریدی نے کہا کہ عوام افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی افواج پاکستان کے خلاف منفی پراپیگنڈا کسی صورت برداشت نہیں کرے گی۔ شمیم آفریدی نے کہا بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

سرد موسم میں متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ثمینہ ممتاز زہری

سیلاب متاثرین کو اب بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سرد موسم میں متاثرین کی مشکلات میں اضافہ ہوگیا ہے

ہنگامی بنیادوں پر متاثرین کی حتی الوسع امداد اور بحالی کے کاموں میں تیزی لانے کی ضرورت ہے، سینیٹر

لسبیلہ (این این آئی) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کو اب بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سرد موسم میں متاثرین کی مشکلات میں اضافہ ہوگیا ہے جس پر قابو پانے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر متاثرین کی حتی الوسع امداد اور بحالی کے کاموں میں تیزی لانے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے اوتھل ضلع لسبیلہ کے دورہ کے دوران سیلاب متاثرین میں راشن بیگز، ٹینٹ، گرم کپڑے، کمبل، برتن اور دیگر ضروری اشیاء کی تقسیم کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت پر یقین رکھتے ہیں ہمارا مقصد صرف انسانیت کی خدمت ہے۔ اس مشکل وقت میں اپنے بہن بھائیوں کو تنہا نہیں چھوڑیں گے اور جہاں تک ہوسکا ان کی مدد کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ دورہ کے دوران وہ بے گھر ہونے والے سیلاب بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینیٹ کے استعفے، عدم اعتماد پر پی ٹی آئی سینیٹرز تقسیم

چیئرمین سینیٹ کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر پی ٹی آئی ممبران سینیٹ متفق نہیں ہیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ کے استعفے اور تحریک عدم اعتماد کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹرز تقسیم ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق استعفیٰ نہ دینے پر چیئرمین سینیٹ کو تحریک عدم اعتماد کا پیغام بھجوایا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ چیئرمین سینیٹ کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر پی ٹی آئی ممبران سینیٹ متفق نہیں ہیں، سینیٹرز کا اعظم سواتی سے اظہار یکجہتی مگر استعفیٰ یا تحریک کے حق میں نہیں۔ ذرائع کے مطابق اعظم سواتی کے سینیٹ کی سب سے اہم کمیٹی میں پیش نہ ہونے پر سینیٹرز کو تشویش ہے۔ بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

کمشنر سبی ڈویژن شاہد سلیم قریشی کے احکامات کی روشنی میں حلقہ پٹوارل اور تھک کے پٹواری احمد خان تھک کو ملازمت سے معطل کردیا

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن شاہد سلیم قریشی کے احکامات کی روشنی میں حلقہ پٹوارل اور تھک کے پٹواری احمد خان تھک کو ملازمت سے معطل کردیا ہے ضلع سبی میں بلوچستان ایمپلائز ایفیشینسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ کے تحت ضلع سبی میں کسانوں کو گندم کے مفت بیج کی تقسیم کے دوران بدعنوانی بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کا دورہ کراچی، باہمی تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کا عزم

امریکا اور پاکستان کی حکومتوں کی جانب سے پائیدار اور وسیع البنیاد معاشی ترقی کیلئے کس طرح مشترکہ کردار ادا کیا جاسکتا ہے، ڈونلڈ بلوم

کراچی (این این آئی) پاکستان میں تعینات امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے 17 تا 18 نومبر سندھ کے دارالحکومت کراچی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اہم ملاقاتوں میں دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے معاشی اشتراک اور صحت عامہ کے شعبہ جات میں مسلسل بہتری کیلئے تعاون جاری رکھنے کا اعادہ کیا ہے۔ دورہ کراچی کے موقع پر ڈونلڈ بلوم نے امریکی بزنس کونسل، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال اور کے ایف سی کی جانب سے قوت سماعت سے محروم بچوں کیلئے قائم کردہ اسکول کے اعلیٰ عہدیداران بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

معذور افراد معاشرے کا حصہ ہیں انہیں کارآمد شہری بنایا جائے، ظفر مظفری

جھل مگسی (این این آئی) انسانیت فاؤنڈیشن گنداواہ جھل مگسی کے صدر محمد قاسم سیال جنرل سیکرٹری ظفر مظفری و دیگر عہدیداران نے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ معذور افراد بھی ہمارے سماج کا حصہ ہیں انکی بحالی اور بہتری کیلئے ہر تندرست و توانا انسان کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

جمعے کو راولپنڈی میں مظاہرین کی خیمہ بستی لگ جائے گی، اسد عمر

ملک کے مختلف ممالک سے خیمہ بستی میں لوگ شامل ہوں گے، سیکرٹری جنرل تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا ہے کہ جمعہ کی صبح سے فیض آباد میں خیمہ بستی لگادی جائے گی، ملک کے مختلف ممالک سے خیمہ بستی میں لوگ شامل ہوں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ فیض آباد پر عمران خان کا اسٹیج لگایا جائے گا، مشاورت کرلی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کی عدالت میں تحریک انصاف کے رہنما پہنچے ہوئے ہیں، بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

قلات، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری سے صوبائی امیر وفاقی وزیر مولانا عبدالواسع ملاقات کررہے ہیں

یقین ہے جو بھی نیا آرمی چیف آئے گا وہ سیاسی گند نہیں اٹھائے گا، شیخ رشید

ہوسکتا ہے عمران خان راولپنڈی میں جلسہ دن کی روشنی میں ختم کردیں، سیاست دانوں کو ملک کا سوچنا چاہئے

ملکی استحکام میں اداروں کا اہم کردار ہے، وہ یہ کردار خاموشی سے بھی ادا کرسکتے ہیں، سابق وزیر داخلہ کی نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ و سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ یقین ہے جو بھی نیا آرمی چیف آئے گا وہ سیاسی گند نہیں اٹھائے گا، ملکی استحکام میں اداروں کا اہم کردار ہے، وہ یہ کردار خاموشی سے بھی ادا کرسکتے ہیں، ہوسکتا ہے عمران خان راولپنڈی میں جلسہ دن کی روشنی میں ختم کردیں، سیاست دانوں کو ملک کا سوچنا چاہئے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا کہ ملکی استحکام میں اداروں کا اہم کردار ہے اور وہ یہ کردار خاموشی سے بھی ادا کرسکتے ہیں، اداروں کو اپنا سمجھتا ہوں لیکن سیاست میں عمران خان کے ساتھ کھڑا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے کچھ بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

اوتھل اور وندر پولیس کی مشترکہ کارروائی موٹر سائیکلیں، موبائلز، بیٹری چارجز اور آلہ وارادات میں استعمال ہونے والا سامان برآمد کرکے ملزم گرفتار

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل اور وندر پولیس کی مشترکہ کارروائی دونوں تھانوں کی حدود میں ڈکیتی اور چوری کرنے والے گروہ کے ایک رکن کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریس کرکے مختلف اشیاء، جن میں موٹر سائیکلیں، موبائلز، بیٹری چارجز اور آلہ وارادات میں استعمال ہونے والا سامان برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا، جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کی بیخ بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

لاہور تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان سے کسان تنظیموں کے رہنما ملاقات کررہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

23 نومبر 2022ء

گندم کی مفت بیج کی تقسیم کرنے کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا

حکومت بلوچستان کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ کسانوں اور زمینداروں میں گندم کی مفت بیج کی تقسیم کرنے کے عمل میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا۔ گندم کی مفت بیج کی تقسیم اور فراہمی کا سلسلہ متعلقہ محکموں اور اتھارٹیز کی منظوری اور تصدیق کے تحت کی جاری ہے کسانوں کی رجسٹریشن فہرست اور دیگر ضروری دستاویزات چیک کرنے کے بعد راشن تقسیم کے طریقہ کار کے جائزہ کے بعد کیا جا رہا ہے گندم تقسیم کرنے کے طریقہ کار کو انتہائی صاف و شفاف رکھا گیا ہے تمام تر ضروری اقدامات و رجسٹریشن کے بعد کسانوں کی فہرست مرتب کی گئی ہے اور اس کے تحت انہیں گندم کے بیج فراہم کی جارہی ہے۔ دستیاب اسٹاک کے تحت کسانوں کا حق انہیں پہنچایا جا رہا ہے حکومت بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ گندم کے بیج سیر یلیف کے ساتھ فصل اور پیداوار میں بھی کافی حد تک اضافے کا سبب بن جائے گا گندم بیج کی تقسیم سے قبل ضلعی انتظامیہ اور محکمہ زراعت نے ایک موثر نظام قائم کر کے کمیٹیاں تشکیل دیدی گئیں تھی اس کا مقصد کسانوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا اور گندم بیج کی تقسیم خوش اسلوبی اور بغیر کسی زحمت سے پہنچانا تھا جس طرح بلوچستان چھوٹی اور منقسم آبادی کے ساتھ پاکستان کا سب سے بڑے رقبے کا حامل صوبہ ہے اسی طرح ضلع چمن بھی دور افتادہ اور پہاڑی سلسلے پر مشتمل ایک بہت بڑا ضلع ہے یہاں غربت افلاس بیروزگاری تعلیم علاج معالجہ اور رسائی جیسے بے شمار مسائل ہیں اور بلوچستان پاکستان کا ہر لحاظ سے پسماندہ صوبہ ہے جس کی وجہ سے موجودہ صوبائی حکومت بلوچستان کی کاشتکاروں زمینداروں اور بلوچستان میں رہنے والوں کے لیے محدود وسائل میں رہتے ہوئے حتی الامکان ان کے مسائل حل کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے جس کا زندہ مثال حالیہ بارشوں اور سیلاب متاثرین کے مسائل حل کرنے کے لیے صوبائی حکومت کی مختلف کاوشوں میں سے کسانوں اور زمینداروں کو حالیہ گندم کے مفت بیج کی منصفانہ تقسیم کا سلسلہ بھی شامل ہے۔

قلم کالم
شیخ فرید
fareedqta1963@gmail.com

"سیّد پور" اسلام آباد کہیں جسے

پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد کے پہلو میں واقع اصل اسلام آباد کی کہانی

صاحب طرز ادیب اور افسانہ نگار حسنین نازش تاریخی مقام کی یاترا کر کے حق دوستی ادا کر دیا

ہمارا قومی اثاثہ، ہماری ثقافت اور زندہ روایت کا آمین "سیّد پور" خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔

اکادمی ادبیات پاکستان نے تین روزہ بین الاقوامی ادبی کانفرنس کا انعقاد کیا تو شرکت کیلیے اسلام آباد جانا پڑا، مذکورہ ادبی کانفرنس پر میری روداد تو شائع ہوچکی ہے، یہاں میں ایک اور کہانی کا ذکر کروں گا جس کے مرکزی کردار کا سہرہ جس کے سر جاتا ہے وہ ہمارے بہت ہی پیارے دوست، صاحب طرز ادیب، خوبصورت افسانہ نگار اور تہلکہ مچا دینے والے تین سفرناموں کے مصنف حسنین نازش ہیں۔

حسنین کو جب معلوم۔ ہوا کہ مابدولت بھی ادبی کانفرنس میں شرکت کیلیے اسلام آباد آئے ہیں تو کانفرنس کے دوسرے روز ہی اپنی "وائیٹ پریمو" لیئے اکادمی ادبیات شاہراہ پطرس بخاری پر پہنچ گئے۔ اور نہ صرف ہمیں۔ بلکہ ہمارے دوست پروفیسر فاروق دانش اور پروفیسر خلیل جبار کو بھی پہلے اسلام آباد کی صاف و منصفا، خوبصورت شاہراؤں، تاریخی عمارات، لوک ورثہ، مراگلہ ہل، زیرو پوائنٹ، قومی اسمبلی، وزیر اعظم ہاؤس، ایوان صدر اور شاہراہ دستور سے ہوتے ہوئے اصل اسلام آباد جسے "سیّد پور" کے گاؤں سے جانا پہچانا جاتا ہے سیر کرانے لے گئے۔ جہاں ہماری ملاقات چاچا گاڑی والا سے کروائی جن۔ کا نام۔ تو محمد نیاز ہے مگر وہ چاچا گاڑی والے کے نام سے مشہور ہیں، جس کی وجہ اُن کا مٹی سے ریل گاڑی، اُس کا انجن اور پورا ریل سسٹم بنانا ہے اور یہی سب دیکھنے اور سیّد پور کی سیر کرنے لوگ دور دور سے آتے ہیں۔

جب ہم سیّد پور سیر کر رہے تھے اور چاچا گاڑی والے سے ملاقات ہوئی تو میں نے سوچ لیا تھا کہ کوئٹہ جا کر سیّد پور اور بلخصوص چاچا گاڑی والے سے متعلق لکھوں گا۔

حسنین نازش چونکہ نگر نگر گھوم چکے ہیں تو اُن کے پیسا ٹاور کے ساتھ تصویریں بھی موجود ہیں۔ تو یہاں۔ چاچا گاڑی والے نے بھی پیسا ٹاور مٹی سے بنا رکھا ہے جو اپنی مثال آپ ہے ہم نے اس کے ساتھ کھڑے ہو کر تصویریں کھنچوائیں۔

سیّد پور پر مجھے لکھنے کی تاکید فرمائی مگر میرا موڈ نہیں بن پایا۔ پھر اچانک خبر آئی کہ اسلام کے نوحی گاؤں سیّد پور میں چیتوں نے 5 افراد چیر پھاڑ کر ہلاک کر دیا، علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، خبر پڑھ کر مجھے حسنین نازش سے کیا ہوا وعدہ بھی یاد آ گیا اور اُس کی وہ بات بھی میرے جسم میں سنسنی دوڑا گئی کہ یہاں۔ تیندوے، گیڈر، شیر، چیتے اور سور کے علاوہ خطرناک سانپ، ناگ اور پرانے مندر میں جن اور چڑیلیں بھی پائی جاتی ہیں۔

اب میں آرٹیکل لکھنے کی نیت باندھ ہی رہا تھا کہ حسنین کا فون آیا کہ میرے بیٹی حیام حسنین نے سیّد پور پر رپورٹ بنائی ہے اُسے شائع کروا دیں۔۔۔۔ اور مجھے بلامشقت مواد مل گیا۔ لہذا آج کا آرٹیکل کو حیام حسنین کی تحریر ہی سمجھا جائے، آیئے اب چلتے ہیں سیّد پور کی جانب، اسلام آباد کہیں جسے۔۔۔

جی ہاں۔۔ آج کل سید پور ویلج کے حوالے سے

خبریں کافی گردش میں ہیں کہ یہاں تیندوؤں اور چیتوں کا راج ہے۔ اس خبر نے ملک بھر کے عوام کی توجہ اپنی جانب مبذول کروائی ہے۔ اس خبر



نے مجھے مجبور کر دیا کہ میں نہ صرف اس گاؤں کی سیر کروں بلکہ اس گاؤں کی تاریخ کی بھی ورق گردانی کروں۔ صفحات پلٹتی گئی تو مجھ پر اس گاؤں کی تہذیب، تمدن اور تاریخ کی گم گشتہ گرہیں وا ہوتی گئیں۔

سید پور ویلج کی تاریخ بہت قدیم بیان کی جاتی ہے اور اس کا ذکر ہندوؤں کی قدیم ترین کتب میں بھی ملتا ہے۔ راجہ محمد عارف منہاس اپنی کتاب 'پاکستان کے آثار قدیمہ' میں لکھتے ہیں:

''خطہ پوٹھوہار میں ہندوؤں کے تین متبرک تیرتھ ہیں، سید پور، ٹلہ جوگیاں اور راج کٹاس۔''

کشمیری دانشور اوپ نالا کے مطابق سید پور کے مقام پر سنسکرت کی پہلی یونیورسٹی قائم ہوئی تھی جہاں رام، سیتا اور لکشمن بن باس کے دوران آئے تھے۔ آج بھی سید پور میں رام سیتا اور لچھمن کنڈ موجود ہیں۔

اس تالاب سے دو نہریں نکلتی تھیں ایک کو ہندو اور دوسری کو مسلمان استعمال کرتے تھے۔ تاریخ میں درج ہے کہ یہاں پر رام جی، سیتا جی، لکشمن جی اور ہنومان جی نے بن باس کے دوران قیام کیا۔

تاریخ کی اوراق گردانی کی جائے تو علم ہوتا ہے کہ ہندوستان سے مغلوں کو شیر شاہ سوری کے ہاتھوں جب دیس بدر کیا گیا تو یہاں کے گکھڑوں نے اپنی وفاداریاں نہ بدلیں۔ مغل بادشاہ ہمایوں اس وفاداری کا صلہ دینے کے لیے زندہ نہ رہا لیکن اس کے بیٹے جلال الدین محمد اکبر نے باپ کا قرض اتارا اور یہ گاؤں سلطان سید خاں گکھڑ کو شیر شاہ سوری کے خلاف ڈٹے رہنے کی خدمات کے عوض دان کر دیا۔ یوں فتح پور باؤلی سید پور ہو گیا۔

تاریخ میں اس گاؤں کی خوبصورتی کے حوالوں میں بہتی ندی، چشموں اور پھلوں کے باغات کا ذکر ملتا ہے۔ اس لیے کہتے ہیں جس کا بھی اس بستی سے گزر ہوا وہ اسے دل دے بیٹھا۔ شہزادہ سلیم ابھی نور جہاں کی محبت میں گرفتار نہیں ہوا تھا جب اس نے کابل کی مہم پر جاتے ہوئے اس گاؤں میں پڑاؤ ڈالا۔ یہ اس گاؤں کے حسن کا جادو تھا یا سیاسی مجبوری لیکن ایک روایت یہ بھی ہے کہ اس نے سید خاں گکھڑ کی بیٹی سے شادی بھی کی تھی۔

اکبر کا مشہور جرنیل مان سنگھ 1580 میں کابل جاتے ہوئے راولپنڈی میں ٹھہرا تو سید خان نے اسے سید پور آنے کی دعوت دی۔ مان سنگھ سید پور کے نظاروں سے بہت متاثر ہوا اس نے سید خان کو تجویز دی کہ اگر یہاں ایک مندر بنایا جائے تو اس کے اخراجات وہ برداشت کرے گا۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس زمانے میں یہاں ہندوؤں کی خاصی آبادی ہوئی ہو گی۔ چنانچہ نہ صرف یہاں مندر بلکہ دو کمروں پر مشتمل دھرم شالہ بھی بنایا گیا اور اس کے ساتھ گزرنے والے چار نالوں کو بھی پختہ کیا گیا جو مارگلہ کے دامن سے پھوٹتے تھے اور چشموں کا پانی لیے ہوئے نیچے کی زمینوں کو سیراب کرتے تھے۔

اس وقت یہ نالے 'رام کنڈ'، 'لکشمن کنڈ'، 'سیتا کنڈ' اور 'ہنومان کنڈ' کے نام سے جانے جاتے تھے۔

بعد ازاں راولپنڈی کے ایک متمول تاجر بسنت رام نے یہاں ایک آشرم بنوایا اور دھرم شالہ کی بھی توسیع کرائی۔ اس کے علاوہ جن جن افراد نے اس تعمیر نو میں چندہ دیا ان کے نام آج بھی یہاں فرش پر کندہ ہیں۔

تقسیم کے وقت جب ہندو یہاں سے جانے لگے تو مندر کا انتظام و انصرام رام لال، راداھو اور دیوان کے پاس تھا جو جاتے ہوئے مندر سے لکشمی اور کالی کی مورتیاں ساتھ لے گئے تھے۔

راولپنڈی کے گزیٹیر ۔941893 میں لکھا ہے کہ سید پور گاؤں جو مارگلہ کے دامن میں اپنے خوبصورت چشموں کی وجہ سے مشہور ہے وہاں ایک سالانہ ہندو میلہ رام کنڈ کے آستانے پر ہوتا ہے جس میں کم و بیش آٹھ ہزار لوگ شرکت کرتے ہیں۔

گاؤں میں ایک بڑے دروازے سے داخل ہوں تو ساتھ ساتھ آرٹ اینڈ کرافٹ کی چند دکانیں نظر آتی ہیں۔ اس سے ذرا آگے تین گنبدوں والی قدیم مسجد ہے۔ یہ مسجد کب تعمیر ہوئی؟ معلوم نہیں، لیکن گاؤں کے بڑے بوڑھے بتاتے ہیں کہ پاکستان بننے سے پہلے یہ مسجد موجود تھی۔ مسجد کے پرانے گنبد آج بھی قائم ہیں لیکن جگہ کم پڑ جانے کی وجہ سے پرانی مسجد کے ساتھ نیا ہال تعمیر کر لیا گیا ہے۔ مسجد کے آگے چھوٹا سا میدان ہے جو اب گاڑیوں کی وسیع پارکنگ کے کام آتا ہے۔ اسی پارکنگ کے پار بائیں

جانب ایک چھوٹا سا احاطہ ہے جس میں یہی دو منزلہ عمارت، مان سنگھ کا دھرم شالہ ہے۔

اس احاطہ میں دھرم شالہ کے علاوہ جامن کے پیڑ کے سائے تلے جھانسی دیوی کا مندر ہے۔ مقامی لوگ اس مندر کی تعمیر بھی راجہ مان سنگھ کی طرف منسوب کرتے ہیں لیکن ضلع راولپنڈی کا 1894 کا گزٹ کچھ اور روایت بیان کرتا ہے۔ اس گزٹ کے مطابق یہ مندر اس وقت لگ بھگ سو سال پہلے تعمیر ہوا تھا۔

یوں تو سارا سال ہی اردگرد کے علاقوں سے سید پور یاترہ جاری رہتی تھی لیکن بیساکھی پنجابیوں کے لیے گیہوں کے پکنے اور خوشحالی کا سندیسہ لاتی، سوانگریز کے گزٹ کے مطابق ہر سال بیساکھی پر سید پور میں ایک میلہ لگتا تھا جس میں کم و بیز چھ ہزار افراد شرکت کرتے تھے۔ پھر پاک سرزمین معرض وجود میں آگئی۔ گاؤں کے ہندو اور سکھ یہاں سے ہجرت کر گئے اور جاتے جاتے لکشمی اور کالی دیوی کی پیتل کی مورتیاں بھی ساتھ لے گئے۔ تالاب پاکستان بننے سے پہلے ہی وقت کی گرد میں دب گئے تھے۔ تقسیم کے وقت صرف رام کنڈ نام کا تالاب موجود تھا۔

آج گاؤں پردیس پردیس، ڈیرہ پختون، انداز اور دوسرے مہنگے ریستورانوں کا راج ہے۔ مندر کا چبوترہ اور صحن جہاں کبھی اونچی ذات کے ہندو پرساد بانٹتے تھے اب برائیڈل فوٹو شوٹ اور ٹک ٹاک ویڈیوز بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے اور جھانسی دیوی کا مندر ہر آنے والے کیساتھ سیلفی لینے کے لیے تیار کھڑا رہتا ہے۔ رہ گئی بات بیساکھی کی تو اسے ہم نے دونوں اطراف کے پنجاب میں سمیٹ دیا ہے۔

جھانسی مندر کے سامنے سنہری محرابوں والی ایک عمارت ہے جو کبھی گردوارہ ہوا کرتا تھا۔ خیال ہے کہ اس کی تعمیر پچھلی صدی کے اوائل میں ہوئی ہوگی۔ اس کے ساتھ ایک بڑے سائز کا کمرہ ہے جو کبھی سکھ مدرسہ ہوا کرتا تھا۔

پاکستان بنا تو یہاں گرلز اسکول کھل گیا اور یہاں کی بچیوں کو تعلیم دی جانے لگی۔ 2006 میں گاؤں کو سرکاری طور پر سیاحتی مقام کا درجہ دے دیا گیا۔ سرکار نے یہاں سکول بند کر دیا اور اسلام آباد کی نقشے سے زمین پر پہنچنے کے عمل کی تصویریں ٹانگ دیں۔

گردوارے کے عقب سے پہاڑی پر چڑھیں تو عین اوپر کی جانب زندہ پیر کی بیٹھک ہے۔ جس کے ساتھ ہی مائی فقیران کا مزار بھی ہے جس نے



اپنی زندگی اس بیٹھک کی خدمت میں تیاگ دی تھی۔ اب یہاں مندر میں گھنٹی بجتی ہیں اور نہ ہی گردوارہ میں گرنتھ صاحب کا گیان چھپتا ہے لیکن زندہ پیر کی بیٹھک پر منتیں مانی جاتی ہیں۔ عقیدت مند زندہ پیر کی بیٹھک پر چراغ جلاتے ہیں تو ایک دیا مائی جی کی قبر پر بھی جلا جاتے ہیں۔

گاؤں کا ایک حوالہ یہاں کے ہنر مند کمہار بھی ہیں۔ مٹی کے برتن اور کھلونے بنانے میں پورے خطے میں ان کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ اسی نسبت سے سید پور کو کبھی کمہاروں کا گاؤں بھی کہا جاتا تھا۔

مٹی کے برتن اب صرف سجاوٹ کے کام آتے ہیں اور بچوں کا دل بہلانے کے کام آتے ہیں۔

اس دم توڑتی روایت کے باوجود نیاز احمد اپنی چھ نسلوں کی شناخت کا بوجھ اٹھائے ابھی تک اپنے اجداد کے پیشے سے جڑا ہے۔ جو ہر آنے والے کو بڑے فخر سے مٹی کی بنی کھلونا ریل دکھاتا ہے جو اس کے پُرکھوں نے سوا سو سال پہلے بنائی تھی۔

اس کے علاوہ وہ نہ صرف سیاحوں کو اپنے ہاتھوں سے بنا ہوائی جہاز اور پیسا ٹاور دکھاتا ہے بلکہ ساتھ ہی بچوں کے کان درد کا علاج اپنی شفایاب مٹی سے بھی کرتا ہے۔

ہمارے ہاں روایات ختم کرنے کا رجحان ہے۔ کچھ بعید نہیں کہ نیاز احمد کی اگلی نسل اس روایت کا گلا گھونٹ دے۔

پاکستان، سیاسی استحکام کی تلاش میں (آخری قسط)

ڈاکٹر رشید احمد خاں

نہیں کرنا پڑا۔ اس سے وفاقی پارلیمانی جمہوریت کی جڑیں کھوکھلی ہونے کے علاوہ معیشت کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے کیونکہ امن وامان کی خراب صورتحال اور سیاسی غیر یقینی میں معیشت کا پہیہ جام ہو کر رہ جاتا ہے۔ پاکستان میں گزشتہ کئی برسوں سے بیرونی سرمایہ کاری نہیں ہو رہی' تو اس کی ایک بڑی وجہ امن وامان کی خراب صورتحال اور عدم تحفظ ہے۔ امن وامان کا مسئلہ ہو یا عدم تحفظ کا' اندرونی سرمایہ کاری بھی رک جاتی ہے۔ اب ذرا تصور کریں' پاکستان جیسا ملک جو قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے اور جسے نہ صرف اپنے اخراجات بلکہ پرانے قرضوں کی ادائیگی کیلئے مزید قرضے درکار ہیں' سیاسی عدم استحکام کیسے اور کتنی مدت کیلئے برداشت کر سکتا ہے؟ اگرچہ یہ کہا جا رہا ہے کہ ملک کو باہر سے نہیں بلکہ اندر سے خطرہ ہے تو بیچ کہا جا رہا ہے کیونکہ ایک عرصے سے جاری اندرونی خلفشار نے قومی یکجہتی کی بنیادیں کھوکھلی کر دی ہیں اور ریاستی اداروں کو غیر موثر بنا کر رکھ دیا ہے۔ اس لئے ہر طرف سے سیاسی قوتوں کے درمیان محاذ آرائی اور تصادم سے گریز کے حق میں آوازیں بلند کی جا رہی ہیں۔ لیکن سب سے اہم سوال یہ ہے کہ سیاسی استحکام کو کیسے بحال کیا جائے؟ موجودہ اپوزیشن اور سابقہ حکمران پارٹی کا مطالبہ ہے کہ فوری طور پر عام انتخابات کروائے جائیں' لیکن بہت سے دیگر لوگوں کی رائے ہے کہ پولرائزیشن کے اس ماحول میں انتخابات استحکام کے بجائے تصادم کا باعث بن سکتے ہیں کیونکہ عمران خان نے ایک سے زیادہ مرتبہ اعلان کیا ہے۔

محفوظ ماحول کی تشکیل میں فوج کا کردار!! (آخری قسط)

محمد اکرم چوہدری

اہتمام De Radicalization سنٹرز کے ذریعے کیا گیا جس سے گزر کر تقریباً پانچ ہزار سے زائد افراد اب معاشرے میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ پاکستانی قوم کی مدد سے فوج کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کی بدولت غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے پاکستان میں آج ایک محفوظ ماحول موجود ہے اور پاکستان کے سیاحتی شعبے کو بھی تقویت ملی ہے۔ پاکستان کی پہلی قومی سلامتی پالیسی قومی سلامتی ڈویژن نے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ترتیب دی تھی۔ یہ دستاویز ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے اور طویل مدتی ترقی اور قومی پالیسی کے مقاصد کے حصول میں رہنمائی کا کام سرانجام دے رہی ہے۔ پاک فوج اس سارے عمل کا باقاعدہ حصہ تھی اور قومی سلامتی سے متعلق امور پر ادارہ جاتی معلومات فراہم کرنے میں پیش پیش رہی۔ پاکستان، افغانستان اور پاکستان، ایران سرحد کے ساتھ سرحدی علاقوں کی سلامتی اور نتیجتاً خوشحالی کو یقینی بنانے کے لیے دو ہزار اٹھارہ میں ایک جامع ویسٹرن زون منیجمنٹ کا تصور پیش کیا گیا جس پر عملدرآمد جاری ہے۔ اس حکمت عملی کے تحت سرحدی دہشت گردی، سمگلنگ کے ساتھ ساتھ دہشت گردی کی مالی معاونت کو کنٹرول کرنے کیلئے جامع طریقہ کار وضع کیا گیا ہے جس میں درج ذیل اہداف کی تکمیل کا عمل جاری ہے جس میں سب سے پہلے فینسنگ یعنی باڑ لگانا' پاکستان افغانستان بارڈر کی باڑ تقریباً پچانوے فیصد مکمل کر لی گئی ہے یہ 2268 کلومیٹر طویل باڑ ہے۔ پاک ایران بارڈر کی باڑ تقریباً اکاسی فیصد مکمل کر لی گئی ہے اس باڑ نے ایک ہزار اسی کلومیٹر طویل رقبے کو محفوظ بنا دیا گیا ہے۔

پاکستان اور افغانستان بارڈر پر تقریباً علاقوں میں اٹھاسی فیصد سرحدی قلعے تعمیر کیے جا چکے ہیں۔ جب کہ پاکستان ایران بارڈر پر اٹھارہ فیصد علاقوں میں یہ سرحدی قلعے تعمیر کیے جا چکے ہیں۔ افغان سرحد پر باڑ لگانے کا کام دونوں طرف کے لوگوں کے تحفظ کے ساتھ ساتھ تجارت کو منظم کرنے کی کوشش میں کیا گیا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے 5 جنوری 2022 کو ایک پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ "سیکورٹی" بارڈر کراسنگ اور تجارت کو منظم کرنے کے لیے پاک افغان سرحد پر باڑ کی ضرورت ہے۔ اس کا مقصد لوگوں کو تقسیم کرنا نہیں بلکہ ان کی حفاظت کرنا ہے۔ پاک افغان سرحد پر 5 بارڈر ٹرمینلز تیار کیے گئے جن میں چمن، طورخم، انگور اڈا، غلام خان اور خرلاچی شامل ہیں۔ اضافی کراسنگ پوائنٹس ارندو (چترال) اور بن شاہی (دیر) سرحد کے دونوں طرف آباد منقسم قبائل کی سہولت کے لیے کھولے جا رہے ہیں۔ کراسنگ پوائنٹس پر پیدل چلنے والوں کی نقل و حرکت کی سہولت کے لیے شناختی تصدیق اور الرٹ سسٹم (IVAS) نصب کیا جا رہا ہے۔ چمن اور طورخم بارڈر ٹرانزٹ پر جدید ترین (انٹیگریٹڈ ٹرانزٹ ٹریڈ مینجمنٹ سسٹم) کی سہولت مکمل ہو گئی ہے۔ فوجی موجودگی میں بتدریج کمی فوج لائف سی چیک پوسٹوں اور مشترکہ چیک پوسٹوں میں بڑی حد تک کمی واقع ہوئی ہے جس میں بائیس جون کے بعد تسلسل سے پوسٹیں ختم کی جا رہی ہیں۔ علاوہ ازیں ایران کے دورے پر آنے والے زائرین کی سہولت اور سیکورٹی کے لیے 2021 میں مطلوبہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے ساتھ ساتھ ریگولیٹری فریم ورک کی منظوری پاکستان کی سیکورٹی کے لیے آرمی فنڈنگ کے ذریعے واخان بارڈر ایریا کی نشان دہی جیسے اقدامات بھی قابل ذکر ہیں۔ لائن آف کنٹرول پر کمزور پوزیشنوں پر توجہ کے ساتھ دفاع کی بہتری گزشتہ 5 سالوں میں 5.73 بلین روپے خرچ کیے گئے۔

لانگ مارچ، سروے اور دورہ چین

عمران احمد

ملک میں سیاسی درجہ حرارت اس وقت عروج پر ہے۔ چیئرمین تحریک انصاف کے ایک حالیہ بیان پر کافی شور مچا ہوا ہے۔ میں اپنے پچھلے کالموں میں اس خدشے کا اظہار کر چکا ہوں جس بارے اج کھل کر بات کی جا رہی ہے۔ ممکن ہے کہ چیئرمین تحریک انصاف نے متنازع الفاظ کا استعمال صرف ایک سوال کا جواب دینے کے لیے کیا ہو لیکن ماضی کے پیش نظر یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ اس ملک میں 'کبھی بھی' کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ جس طرح پچھلے چند ماہ میں حکومت بدلی ہے اور اقتدار کے ایوانوں میں تبدیلی ائی ہے' چند ماہ پہلے تک اس کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا۔ بعض حلقوں کی جانب سے ملک میں کسی غیر سیاسی قوت کی مداخلت کو دیوانے کا خواب قرار دیا جا رہا ہے لیکن اگر حالات خراب ہو گئے تو معاملات کسی کے کنٹرول میں نہیں رہیں گے۔ فی الحال چیئرمین تحریک انصاف نے کچھ پتے ابھی تک اپنے سینے سے لگا رکھے ہیں جنہیں وہ وقت انے پر ظاہر کرنے کا اعلان کر چکے ہیں۔ انہوں نے پلان اے' بی اور سی تشکیل دے رکھا ہے۔ وہ منصوبے کس حد تک کامیاب ہوں گے اس کا اندازہ تو انے والے وقت میں ہی لگایا جا سکتا ہے۔ میں یہاں ان کے ماضی کے بعض پلانز پر قارئین کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

2014ء کے لانگ مارچ میں خیبر پختونخوا کی اسمبلی توڑنے اور صوبائی حکومت کے مستعفی ہونے کو پلان بی کے طور پر رکھا گیا تھا لیکن اس وقت کے وزیر اعلیٰ پرویز خٹک نے مبینہ طور پر اپنے ہی خلاف تحریک عدم اعتماد جمع کروا کر اس منصوبے کو غیر موثر کر دیا تھا۔ موجودہ صورتحال میں چیئرمین تحریک انصاف پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کو توڑنے کا اعلان کر سکتے ہیں لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان صوبوں کے وزرائے اعلیٰ اور صوبائی وزرا اس فیصلے کی حمایت کریں گے یا نہیں؟ ذہن نشین رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے مبینہ طور پر بیدیاں روڈ لاہور پر ایک تقریب کے دوران اہم شخصیات سے ملاقات کی ہے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کی اکثریت بھی مستعفی ہونے کے حق میں نظر نہیں اتی۔ اگر ماضی قریب میں دیکھا جائے تو تحریک عدم اعتماد کو ناکام بنانے کے لیے بھی کئی اپشنز استعمال کیے گئے تھے اور انہیں بھی پلان اے، بی اور سی کے نام دیے گئے تھے۔ پہلے اس سٹریٹجی کو کامیاب قرار دیا گیا لیکن بعد ازاں پلان بی اور پلان سی نے ملک کے سابق وزیراعظم اور موجودہ صدر پر آرٹیکل چھ کے تحت آئین شکنی کا مقدمہ چلانے کی راہ ہموار کی۔ گو کہ مصلحتاً اس کیس پر ابھی خاموشی اختیار کی جا رہی ہے لیکن یہ مدعا کبھی بھی دوبارہ کھڑا کیا جا سکتا ہے۔ تحریک عدم اعتماد کو ناکام بنانے کے پلان اے' بی اور سی' سبھی ناکامی سے دوچار ہوئے تھے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ پاکستان میں اقتدار حاصل کرنے کا پلان مخصوص حلقوں کی بلا شرکت ہی سے کامیابی کی منزل تک پہنچ سکتا ہے۔ اس کے علاوہ لانگ مارچ کی سست رفتاری کو بھی شکوک وشبہات سے دیکھا جا رہا ہے۔ ممکنہ طور پر چیئرمین تحریک انصاف اسلام اباد پہنچنے سے پہلے ہی معاملات طے کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس وقت تک لانگ مارچ میں عوام کی شرکت بھرپور ہے اور اسلام اباد پہنچنے تک اس میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ لانگ مارچ کی کامیابی اور ناکامی' دونوں کا انحصار عوامی ردعمل پر ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایسا کیا کیا جائے گا کہ عوام کو کئی دنوں تک لانگ مارچ اور دھرنے کے ساتھ جوڑ کر رکھا جا سکے۔ فی الحال عوام کنفیوز دکھائی دیتے ہیں۔ ترجمان تحریک انصاف نے کہا ہے کہ وہ اسلام اباد پہنچنے کا وقت بدلتے رہیں گے اور حکومت کو تھکا تھکا کر شکست دیں گے۔ اب تک کی اطلاعات کے مطابق لانگ مارچ مری روڈ کے راستے اسلام اباد میں داخل ہونے کا امکان ہے جبکہ اس سے قبل راولپنڈی میں دو الگ الگ مقامات پر کیمپس بھی لگائے جا سکتے ہیں۔ مندرہ اور گوجر خان کے درمیان بھی کیمپس لگائے جا سکتے ہیں۔ مارچ ٹی چوک' بعد میں مریر حسن اور اس سے اگے مری روڈ کی جانب بڑھ سکتا ہے۔ شمس اباد پہنچنے کے بعد وہیں قیام ہو سکتا ہے۔ چیئرمین تحریک انصاف راولپنڈی میں پنجاب ہاؤس میں قیام کر سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق (جاری ہے)

صدر عارف علوی کی باتیں

ڈاکٹر حسین احمد پراچہ

گورنر ہاؤس لاہور میں جن سینئر صحافیوں نے صدر ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات کی ان میں یہ فقیر بھی شامل تھا۔ عارف علوی وسیع المطالعہ شخصیت ہیں ان کا استحضارِ علمی بھی خاصا حیران کن ہے۔ وہ اپنے زیرِ مطالعہ آنے والی کتابوں سے روانی کے ساتھ حوالے دیتے رہے۔ اُن کی فکر انگیز باتوں سے عیاں تھا کہ وہ دلِ دردمند رکھتے ہیں۔ ملکی حالات کے بارے میں وہ بھی اتنے ہی فکر مند دکھائی دیے جتنے میں اور آپ۔ صدر عارف علوی کی سیاسی باتوں سے زیادہ مجھے اُن کی فکری گفتگو نے بہت انسپائر کیا۔ ان "فکری باتوں'' کو اخباری سرخیوں میں کوئی نمایاں اہمیت نہ مل سکی ان لیے میں نے سوچا کہ پہلے آپ سے غیر سیاسی باتیں شیئر کی جائیں اور پھر اگر کالم کی وسعت اجازت دے تو صدر صاحب کی سیاسی باتوں پر بھی گفتگو کر لی جائے۔ صدر صاحب نے کہا کہ آج کی دنیا میں پرائیویسی نام کی کوئی چیز نہیں' ہر کوئی دوسرے کی ٹوہ میں رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پرائیویسی انسان کا بنیادی حق ہے۔ صدر صاحب کے خیال میں گوگل اور اس طرح کی دیگر تراکیب کے ذریعے ہر فرد کی معلومات اس کی دسترس سے نکل کر دوسروں کے ہاتھ میں چلی جاتی ہیں۔ انہوں نے صراحتاً کہا کہ یہ صرف افراد کا ہی نہیں اقوام کا بھی یہی معاملہ ہے۔ آج کے دور میں جدید ترین ٹیکنالوجی کی مدد سے ترقی یافتہ ممالک نہ صرف تیسری دنیا کے بارے میں بلکہ آپس میں بھی ایک دوسرے کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کرنے میں شب و روز تگ و دو کرتے رہتے ہیں۔ صدر صاحب کا یہ کہنا تھا کہ کم از کم ہمیں پاکستان میں ایک دوسرے کی پرائیویسی کا احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے پرائیویسی کے حق کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے خلیفہ ؟ دوم حضرت عمرؓ بن خطاب کے دورِ خلافت میں پیش آنے والے واقعے کی طرف مختصراً اشارہ کیا۔ یہ واقعہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ تاریخ طبری میں مذکور ہے کہ ایک شب مدینہ میں حضرت عمرؓ ایک جلیل القدر صحابی حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف کے ساتھ حفاظتی گشت کے لیے نکلے۔ حضرت عمرؓ نے دور کہیں چراغ جلتا ہوا دیکھا تو وہاں پہنچے۔ انہوں نے سوتے ہوئے چراغ کو جلتا چھوڑنے سے منع کیا تھا کیونکہ اس سے آگ لگنے کا اندیشہ ہوتا تھا۔ وہاں پہنچے تو انہوں نے اندر جھانک کر دیکھا تو کچھ لوگ شراب پی رہے تھے۔ آپ نے ایک شخص کو پہچان لیا۔ اگلے روز آپ نے اسے طلب کیا اور اس پر شراب نوشی کی فردِ جرم سنائی تو اس نے کہا کہ امیر المومنین آپ کو کیسے علم ہوا؟ حضرت عمرؓ نے کہا کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ اس شخص نے کہا: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ نے قرآن میں ٹوہ لگانے سے منع کیا ہے؟ یہ سن کر حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ تو نے سچ کہا اور اسے چھوڑ دیا۔ آج امریکہ میں کئی تھنک ٹینک اور تحقیقی ادارے پرائیویسی کے موضوع پر مضامین و مقالات پیش کر رہے ہیں۔ اس ریسرچ کے مطابق انفرادی' معاشرتی' سیاسی اور معاشی پرائیویسی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ اس حق کو جدید آلات بے رحمی سے کچل رہے ہیں۔ امریکی ماہرین و محققین کا کہنا ہے کہ ہم میں سے کسی کے بارے میں زیادہ سے زیادہ ڈیٹا ان تیز ترین آلات کے ذریعے دوسروں تک جا رہا ہے۔ اگر اس رجحان کو نئی قانون سازی اور نئے عمرانی معاہدوں کے ذریعے نہ روکا گیا تو نہ صرف ہماری انفرادی زندگی تباہی سے دوچار ہوگی بلکہ سیاست' معاشرت اور معیشت کو بھی ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔

ڈاکٹر عارف علوی کی ڈکشن ہماری تہذیبی روایات اور مذہبی تعلیمات کی عکاس ہے۔ وہ اپنی گفتگو میں جابجا اسلامی تاریخ سے حوالے دیتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا ایک طرح سے غیبت کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ صدر صاحب نے اس قرآنی آیت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جب کوئی فاسق شخص آپ کے پاس خبر لائے تو اس کی تحقیق کر لیا کرو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ بعد میں یہ خبر غلط ثابت ہو اور تمہیں شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم کسی خبر کی کوئی تحقیق نہیں کرتے۔ اگر وہ ہمارے سیاسی موقف کی حمایت میں ہوتی (جاری ہے)

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Project Division-I Quetta Invites Bids From Eligible Bidders For Execution Of Following Works For The Year 2022 Based On Composite Schedule Rates 2018 On Percentage Rates.

Tender Fee Rs.5000/- for each work.

S.No	Name of Work/s	E/Cost	Bid Security
1	REHABILITATION /IMPROVEMENT OF B/T ROAD FROM MAIN ROUND ABOUT HAZAR GANJI TO N-25 DISTRICT QUETTA PSDP 1383/Z2022.3495 (2022-23) TSE22211164313	445,720,744	Rs.9000000/-

Procurement shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **BASIC ELIGIBILITY:** The Contractor must have valid registration i.e 2022-23 registered with Pakistan Engineering Council (PEC) in category **C-3 & Above** with specialized codes of **CE01, CE02,CE09, CE10, EE06** and valid registration with tax authorities i.e (NTN,sales tax Department and BRA). The **Technical Proposal** shall consist of the Following Documents:-Name of Firm / Contractor with year of establishment along with postal address and telephone number. List of Technical Supervisory staff / Management Staff along with their qualifications /experience and proof of their stay with the firm, with fresh affidavit **(duly attested by first class Magistrate)** as per criteria specified in bidding data. Detail of Road Works Machinery as per details mentioned in bidding documents. Complete with all respect giving their model , make, condition and location. Valid Registration / Clearance from income tax Department and BRA Original must be shown on submission / Opening the technical Proposals. As per BPPRA rule 25 sub rule (2) serial 3 only one bid can be submitted against one NTN. Detail Financial Soundness with required Turn Over given as per criteria specified in the Bidding Documents. The firm will be held technically non responsive if any notice, poor performance, blacklisting , court case is found against the firm. Under taking on judicial Stamp paper **(duly attested by First Class Magistrate)** that the firm was never black listed by any Government / Semi Government Organization.It is mandatory that the Contractor must show the original fresh PEC valid registration i.e 2022-23 with Pakistan Engineering Council (PEC) on the time of submission / opening the Technical Proposals. Non satisfactory performance in past or present with any executing agency will lead to the disqualification of Firm /Contractor. At least 02 Similar nature Projects having same cost complexity completed during the last Five (5) years (Completion Certificate of the same is to be provided issued from the concern Department /Authority). At least 01 Similar nature of Project having equal cost of the estimated cost of the project must be in hand. Each page of the technical/Financial Proposal must be signed / stamped and numbered.**4 The Financial Proposal** shall consist of the Following Documents:- Detail BOQ with Quoted Rates in sealed envelope mentioned the name & Title of scheme. A Fixed Bid Security for amounting to Rs.9000000/- must be in the form of call deposit in favor of the office Name of the under signed from a scheduled bank of Pakistan . **No any Bank Drafts & Banker Cheque will be acceptable. BIDDING / TENDER DOCUMENTS:** The bidders can obtain the bidding document from the address Mentioned below on production of green Challan of an amount of above mention table (Non-refundable) in the head of account C02716 Civil works through Govt: Treasury/National Bank of Pakistan or can be downloaded from the Website of BPPRA (wwe.bppra.gob.pk) ,during working hours, from the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of submission. **DEADLINE OF SUMBISSION:** Technical and financial proposals from intending contractors/firms sealed in two separates envelopes clearly marked with Work title & type of proposal must be delivered by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before ***9th December, 2022 at 12:00 Hrs*** . **OPENNING :** The envelope containing "Technical Bids" will be opened on the same day **9th December, 2022 at 13:00 Hrs.** . before procurement committee in the presence of bidders or their authorized representatives who choose to attend. The Second sealed envelope containing "financial bids" of technically responsive / qualified bidders will be opened later, the date of which will be communicated after evaluation of the technical bids. **Bids Validity:Ninety (90) days. Place of issuance and submission will be:-** Executive Engineer, Project Division-I, Whyte Road Quetta.Telephone No : 081-9203182 Fax No : 081-9203182:**Terms and Conditions:** Terms and conditions are mentioned (incorporated) in detail in bidding documents.

PRQ No. 1103/22-11-2022

Executive Engineer
Project Division-I Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

اطلاع برائے فزیکل ٹیسٹ، تحریری امتحان وانٹرویو، بلوچستان لیویز فورس (ضلع شیرانی)

.01 خصوصی سماجی اقتصادی تحفظ یونٹ (Special Socio-Economic Protection Unit) ژوب زون

.02 صوبائی لیویز فورس ضلع شیرانی .03 بلوچستان لیویز فورس (QRF) ونگ ژوب زون .04 بلوچستان لیویز فورس (سی پیک ونگ) ضلع شیرانی

بحوالہ اشتہار نمبر PRQ No.208/07-08-2020 مورخہ 08-08-2020 کے تحت بلوچستان لیویز فورس (ژوب زون) ضلع شیرانی کی خالی آسامیوں کے لئے درخواست دینے والے امیدواروں کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ان کے فزیکل ٹیسٹ، تحریری امتحان اور انٹرویو درج ذیل شیڈول کے مطابق لیے جائینگے:۔

نمبر	نام آسامی	تفصیل و ضلع	تاریخ	وقت	مقام فزیکل ٹیسٹ، تحریری امتحان و انٹرویو
1	لیویز سپاہی (BPS-7)	ضلع شیرانی (رول نمبر 1 تا 700)	10-12-2022	صبح 8:30 بجے	شیرانی ٹاؤن، ضلعی ہیڈکوارٹر، میر علی خیل
2	لیویز سپاہی (BPS-7)	ضلع شیرانی (رول نمبر 701 تا 1369)	11-12-2022	صبح 8:30 بجے	شیرانی ٹاؤن، ضلعی ہیڈکوارٹر، میر علی خیل
3	لیویز سپاہی (BPS-7)	ضلع شیرانی (خواتین) (رول نمبر 1 تا 22)	11-12-2022	صبح 11:30 بجے	شیرانی ٹاؤن، ضلعی ہیڈکوارٹر، میر علی خیل
4	آرمورر (BPS-7)	ضلع شیرانی (رول نمبر 1 تا 32)	12-12-2022	صبح 8:30 بجے	شیرانی ٹاؤن، ضلعی ہیڈکوارٹر، میر علی خیل
5	وائرلیس آپریٹر (BPS-7)	ضلع شیرانی (رول نمبر 1 تا 115)	12-12-2022	صبح 8:30 بجے	شیرانی ٹاؤن، ضلعی ہیڈکوارٹر، میر علی خیل
6	وائرلیس مکینک (BPS-7)	ضلع شیرانی (رول نمبر 1 تا 15)	12-12-2022	صبح 8:30 بجے	شیرانی ٹاؤن، ضلعی ہیڈکوارٹر، میر علی خیل

فزیکل ٹیسٹ، تحریری امتحان اور انٹرویو کے لیے آنے والے امیدواروں کو کسی بھی قسم کا سفری خرچ نہیں دیا جائے گا۔ فزیکل ٹیسٹ، تحریری امتحان وانٹرویو کے روز اصل شناختی کارڈ بمعہ تمام اصل کاغذات لانا ہر امیدوار پر لازم ہوگا۔ اصل شناختی کارڈ اور اصل کاغذات نہ ہونے کی صورت میں امیدوار کو نااہل تصور کیا جائیگا۔ یادداشت: (1) ٹیسٹ انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواروں کو اپنے ساتھ موبائل فون یا اس طرح کا کوئی دیگر الیکٹرونک آلہ لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ موبائل یا الیکٹرونک آلہ برآمد ہونے کی صورت میں امیدوار کو ٹیسٹ کے لئے نااہل قرار دیا جائیگا۔ (2) درخواستوں کی جانچ پڑتال کے بعد اہل امیدواروں کے رول نمبر الاٹ کردیے گئے ہیں جس کی فہرست ڈپٹی کمشنر شیرانی کے دفتر میں آویزاں کر دی گئی ہیں۔ لہذا تمام اہل امیدوار اپنا رول نمبر ڈپٹی کمشنر شیرانی کے دفتر سے حاصل کر لیں۔

PRQ NO.1089 21-11-2022

ڈائریکٹر جنرل
بلوچستان لیویز فورس، کوئٹہ

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد۔ سب ایڈیٹر نجم بلوچ۔ فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں جزاک اللہ رزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

بنک اور حکومت بلوچستان کے مابین مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ عالمی بنک کی معاونت میں اضافے اور سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر نو میں بنک کے مالی اور تکنیکی تعاون کا جائزہ لیا گیا عالمی بنک کی جانب سے صوبے میں غیر ملکی امداد سے جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت میں اضافہ پر بھی اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ موجودہ صوبائی حکومت کی توجہ اونرشپ اور مثبت پالیسیوں سے ترقیاتی عمل میں حوصلہ افزاء تیزی آئی ہے جس سے عالمی بنک کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے وزیر اعلیٰ نے عالمی بنک کی جانب سے معاونت کے فروغ کی یقین دہانی پر کنٹری ڈائریکٹر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ہمارے لئے سب سے چیلنج متاثرین سیلاب کی بحالی اور انکے گھروں اور متاثرہ بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نو ہے ہمارے پاس وسائل محدود جبکہ تباہی لامحدود ہے انہوں نے کہا کہ ہم نے پہلے دن ہی سے طے کیا تھا کہ کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلائیں گے اور اپنے تمام وسائل تعمیر نو کے لئے بروئے کار لائیں گے اور اگر قرض بھی لینا پڑا تو گریز نہیں کرینگے کیونکہ حکومت کی معاونت کے بغیر متاثرین 20 سال میں بھی دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑے نہیں ہوسکتے ہیں۔

شال بقیہ 2

خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پی آئی ڈی ای اور پی ایس ڈی ای کے زیر اہتمام 36ویں سالانہ کانفرنس قومی اور بین الاقوامی سطح کے ماہرین معاشیات، پالیسی میکرز اور سوشل سائنٹسٹس اور بیوٹمز یونیورسٹی کی فیکلٹی اور طلباء وطالبات کی بڑی تعداد شریک تھی۔ تین روزہ کانفرنس کا انعقاد پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس نے بیوٹمز یونیورسٹی کے تعاون سے کیا ہے۔ مذکورہ کانفرنس تین تک جاری رہے گی۔ واضح رہے کہ چارٹر آف اکانومی میں سرمایہ کاری، پیداواری اور ملازمت کی قابلیت سہ روزہ عالمی کانفرنس کے اہم موضوعات ہیں، اس موقع پر قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پاکستان سوسائٹی آف ڈیولپمنٹ اکانومسٹس کی 36ویں کانفرنس کا انعقاد خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ستم ظریفی ہے کہ پاکستان کی خطے میں انوسٹمنٹ اور جی ڈی پی کی شرح بہت کم ہے۔ انوسٹمنٹ اور جی ڈی پی کی کم شرح کا ایشو فوری توجہ کا متقاضی ہے۔ ہمیں اس موجودہ صورتحال سے نبرد آزما ہونے کیلئے نئے آئیڈیاز پر کام کرنا ہوگا۔ قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے کہا کہ پاکستان کا روشن مستقبل بلوچستان سے وابستہ ہے اس یقین کے ساتھ بلوچستان بہت جلد معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بنے گا۔ قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی انجینئر فاروق بازئی اور پی آئی ڈی ای کو کامیاب کانفرنس کے انعقاد پر مبارکباد دی۔

شال بقیہ 3

وزیر داخلہ کانے کہا کہ عمران خان ایک ہی بات پر لگے ہیں کہ اسٹیبلشمنٹ کو مرعوب کردو، اسٹیبلشمنٹ صاف شفاف الیکشن کیلئے اپنی ذمہ داریاں نبھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان سیاستدان بن جائیں، سیاست میں واپس آجائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ چاہتے ہیں اسٹیبلشمنٹ مجبور ہو کر بات کرے، اسلام آباد کو نرغے میں نہیں لینے دیں گے، بندوبست کیا ہوا ہے، لانگ مارچ کے حوالے سے انہیں اپنی مرضی نہیں کرنے دیں گے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ لانگ مارچ ختم ہو چکا ہے، یہ اب صرف جلسے ہیں، میرا نہیں خیال جو مقصد حاصل کرنا ہے وہ کر پائیں گے، الیکشن کی تاریخ سیاسی جماعتوں اور سیاستدانوں کے پاس ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سیاستدان آپس میں بیٹھ کر بات کرتے ہیں تو ڈیڈ لاک ٹوٹتے ہیں، مقابل سیاسی جماعتوں سے بات کریں تو کوئی حرف آخر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صدر کا اس فیصلے سے کوئی لینا دینا نہیں ہے، صدر کسی بھی قانون کو غور کرنے کیلئے دوبارہ بھیج سکتا ہے، ایسا نہیں ہوسکتا ریٹائرمنٹ ہونے کے بعد تعیناتی ہو، دونوں عہدوں کیلئے 27 اور 29 نومبر ریٹائرمنٹ کی تاریخ ہے۔

شال بقیہ 4

ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چھاتی کے کینسر کی شرح میں ہر سال تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے اور اس کی بڑی وجہ لوگوں میں اس مرض کے بارے میں آگاہی کا نہ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے روزمرہ کے معمولات میں ہم کام کے ساتھ صحت کی دیکھ بھال کو نظر انداز کرتے ہیں جس سے گریز کرنا چاہیے، سب کے لیے میرا پیغام یہ ہے کہ مہینے میں ایک بار چیک اپ ضرور کرائیں۔ بیگم ثمینہ عارف علوی نے کہا کہ بیماریوں سے آگاہی اور بچاؤ کے لیے قومی سطح پر خصوصا دور دراز علاقوں میں کیمونٹی ہیلتھ ایجوکیشن، سیمینارز اور کانفرنسز کے انعقاد کی ضرورت ہے۔ ڈین فیکلٹی آف سائنس، پروفیسر ڈاکٹر ارشاد احمد ارشد نے سیمینار کی صدارت کی جبکہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے شعبہ ریڈیالوجی کی سربراہ ڈاکٹر عائشہ عیسانی نے بھی سیمینار سے خطاب کیا۔

شال بقیہ 5

یہاں کے نام نہاد بڑے بڑے حقوق کے دعوے دار اور قومی دستار کے اپنے آپ کو وارثین سمجھنے والے وہاں جانے کی اخلاقی جرأت نہیں کرسکتے، آباؤ اجداد سے بلوچ قومی تحریک سے وابستہ افراد کے عزیز واقارب کی بلوچستان نیشنل پارٹی میں شمولیت نیک شگون ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عظیم الشان شمولیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گزشتہ روز بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام فیض آباد سریاب میں ممتاز قوم وطن دوست ترقی پسند رہنماء مرحوم حاجی عبدالرحمن شاہوانی کی رہائش گاہ پر گرینڈ شمولیتی جلسہ منعقد ہوا جلسہ عام سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل، سیکرٹری جنرل واجہ جہانزیب بلوچ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری وصوبائی پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی، بی ایس او کے مرکزی چیئرمین منظور جہانگیر بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین سابق سینیٹر ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی ضلعی صدر غلام نبی مری، آغا خالد شاہ دلسوز، میر جمال لانگو، ملک محی الدین لہڑی، میر خاور رحمن شاہوانی بگٹی یاسر شاہوانی نے خطاب کیا اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ضلعی ڈپٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی نے سرانجام دیئے۔

شال بقیہ 6

کہ ریکوڈک منصوبے میں وفاق بھی حصے دار ہے، اس لیے صوبائی حکومت کی سرمایہ کاری کی اجازت کا مسئلہ نہیں۔ مخدوم علی خان نے کہا کہ بیرک گولڈ قانونی پیچیدگیوں سے بچنے کیلئے عدالتی رائے چاہتی ہے، پاکستان کے ڈیفالٹ میں جانے کا خطرہ بڑھ رہا ہے، ریکوڈک معاہدے میں 4 ارب ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری ہو رہی ہے جس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ کیا بیرک گولڈ پاکستان کی معاشی صورتحال پر بھی نظر رکھے ہوئے ہے؟ بہتر ہو گا کہ عدالت کو ڈرانے کے بجائے ریکوڈک معاہدے کی شفافیت سے متعلق بتائیں، عدالت کو یہ تا بتائیں کہ معیشت دانوں کی کون سی غلطیوں کی ہم

سزا بھگت رہے ہیں۔ وکیل نے دلائل دیئے کہ بیرک گولڈ ملکوں کو دیوالیہ سے نکالنے کا کاروبار نہیں کرتی، اگر 15 دسمبر کو ریکوڈک معاہدہ طے ہو جاتا ہے تو پاکستان کا 9 ارب ڈالر کا جرمانہ ختم ہو جائے گا، معاہدے کے بعد انٹرنیشنل کرمنل کورٹ کا متوقع جرمانہ بھی ختم ہو جائیگا، سونے اور تانبے کے نکالے گئے ذخائر کو بندرگاہ کے ذریعے بیرون ملک بھیجا جائے گا، بیرک گولڈ بلوچستان میں ریکوڈک کے مقام سے بندرگاہ تک زیر زمین پائپ لائن بنائیگا، بیرک گولڈ بلوچستان میں سڑکیں اور کیمونٹی ڈویلپمنٹ بھی کرے گی، منصوبے سے بلوچستان میں پہلے 7 ہزار اور طویل مدتی طور پر 4 ہزار نوکریاں دی جائیں گی۔

شال بقیہ 7

دن پہلے کہا اہم تعیناتی سے کوئی تعلق نہیں ہے تو میں نے ان سے کہا کہ یہ بیان پہلے دے دیتے تو اچھا ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ یقین ہے جو بھی نیا آرمی چیف آئے گا وہ سیاسی گند نہیں اٹھائے گا۔ شیخ رشید نے کہا کہ مجھے عمران خان نے بتایا ہے کہ نگران حکومت کی زیادہ مدت کے آپشن کو مسترد کر دیا ہے، مجھے نہیں معلوم عمران خان راولپنڈی آنے کے بعد کیا کریں گے مگر اسے مزید چوک چوراہے میں رہنا پڑے تو وہ رہ لیں گے، ہو سکتا ہے وہ راولپنڈی میں جلسہ دن کی روشنی میں ختم کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سیاسی عدم استحکام شدت سے بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے معاشی طور پر بہت نقصان ہو رہا ہے، ملک ہم سب کا ہے معیشت کیلئے سب کو پھر کام کرنا ہوگا۔ سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ وزیر دفاع، وزیر داخلہ جیسے بیانات دے رہے ہیں عہدوں کی اہمیت کو سمجھیں، دنیا سیاست دان کے بیان کو دیکھتی ہے اور اپنی رائے قائم کرتی ہے ملک ہے تو ہم ہیں، سب سیاست دانوں کو ملک کا سوچنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی جان لینے کی سازش ناکام ہوئی، عظیم صحافی ارشد شریف کو سازش کے تحت قتل کیا گیا، میری دعا اور امید بھی ہے کہ ملکی بہتری کے لیے فیصلے ہوں گے۔

شال بقیہ 8

متاثرین سے ملیں اور متاثرین میں 600 راشن بیگز، 200 ٹینٹ، گرم کپڑے، کمبل، برتن ودیگر اشیاء تقسیم کیں۔ وہ سیلاب متاثرہ خواتین میں گھل مل گئیں۔ انہیں حوصلہ دیا اور کہا کہ آپ سب ہمارے اپنے ہیں اور آپ کی بحالی ہماری سب سے اولین ترجیح ہے۔ بلوچستان کی بیٹی ہونے کے ناطے میرا یہ فرض ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے مشکل وقت میں اپنے بہن بھائیوں کی مدد کر سکیں۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کو اپنے درمیان پا کر سیلاب متاثرین کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے اور کہا کہ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری اور میر علی حسن زہری تن تنہا اس سرد اور مشکل وقت میں ہمارے پاس امداد لے کر پہنچے اور ہماری دادرسی کی جس کے لئے ہم اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے سینیٹر صاحبہ کو ہمارے لئے وسیلہ بنا کر بھیجا۔ اللہ تعالیٰ انہیں مزید ہمت و استقامت دے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے سیلاب متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ آرمی، ایف سی اور دیگر فلاحی تنظیموں کی مدد سے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں جلد سے جلد بحالی کا کام مکمل کیا جائے کیونکہ سرد موسم کا آغاز ہو چکا ہے اور متاثرین کو اب بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سرد موسم نے متاثرین کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ ہمیں ان مشکلات کا احساس ہے اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ اپنے بہن بھائیوں کی حتی الوسع مدد کی جائے اور انہیں موسم کی شدت سے بچایا جائے۔ اس سلسلے میں ہم نے شروع دن سے متاثرہ علاقوں میں اپنی استطاعت کے مطابق امداد اور بحالی کے کاموں میں اپنا حصہ ڈالا ہے۔

شال بقیہ 9

رہائشی ہوٹل مالکان کے صدر نے باقاعدہ طور پر ٹیکس سے متعلق حکام کو اپنے ریزرویشن سے آگاہ بھی کیا تھا لیکن بارہا درخواستوں کے باوجود اب تک ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے جس کی وجہ سے رہائشی ہوٹل مالکان سخت مشکلات کا شکار ہیں لہذا حکومت نے رہائشی ہوٹلوں کے ٹیکس کم کرنے کی بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں تفصیل فراہم کی جائے انہوں نے کہا کہ 2018 میں ہوٹل مالکان کو اعتماد میں لیے اور ان کے تحفظات سنے بغیر ٹیکس میں 8 سو فیصد تک اضافہ کیا گیا، مذکورہ اضافہ ہوٹل کے کاروبار سے اثر انداز ہو رہی ہے جس کے نتیجے میں لوگوں نے اپنے رہائشی ہوٹل ہاسٹلز میں تبدیل کر دیئے ہیں یا کسی اور شعبہ میں کرایہ پر دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہوٹل مالکان کی تنظیم چار سال سے مسلسل محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے حکام کے سامنے جا کر اپنا عذر پیش کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 10

اور گوکرت کے درمیان دو مقامات پر ہونے والے رساؤ/لیکیج پر مرمتی کام تیزی سے جاری ہے۔ اپنے ایک بیان میں ترجمان سوئی سدرن گیس کمپنی سلمان احمد صدیقی نے کہا کہ اس وقت اس سیگمنٹ پر 18 انچ قطر کی پائپ لائن کے ذریعے کوئٹہ کو گیس کی فراہمی کی جا رہی ہے جو موسم سرما کی تیزی سے بڑھتی ہوئی گیس کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے۔ سوئی سدرن گیس کے انجینئرز اور ٹیکنیشنز کی جانب سے ان مقامات پر چوبیس گھنٹے مرمتی کام کیا جا رہا ہے جو جمعہ 24 نومبر کی شام تک مکمل کر لیا جائے گا۔

شال بقیہ 11

صبح نو بجے وزیر اعظم ہاؤس میں ہوگا جس کیلئے تمام وفاقی وزراء کو حاضری یقینی بنانے کے لیے پیغامات دے دیئے گئے۔ وفاقی کابینہ کے خصوصی اجلاس کا ایجنڈے تاحال جاری نہیں کیا گیا تاہم امکان ہے کہ اجلاس کا ایجنڈہ (آج) بدھ کی رات تک جاری کر دیا جائے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم ترکیہ روانگی سے قبل اہم تعیناتی پر کابینہ کے ممبران کو اعتماد میں لے کر فیصلے کی توثیق کرائی جائے گی۔ خیال رہے کہ آرمی چیف کی تعیناتی کے پیش نظر کابینہ وفاقی کابینہ کا اجلاس انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ وزیر اعظم اجلاس میں فیصلوں کے بعد دو روزہ دورہ کے لئے ترکیہ روانہ ہوں گے۔

شال بقیہ 12

کے اغوا کاروں اور جرائم پیشہ عناصر سے ملکر ڈیرہ بگٹی کے حالات کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں یہ گفتگو گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی ممتاز کھیتران نے ایک دفتری اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کی اعلامیہ کے مطابق کچھ عناصر کچھ کے ڈاکوں سے رابطہ رکھ کر حالات کو خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن انکو یہ واضح بتانا چاہوں گا کہ ڈیرہ بگٹی کو کچھ نہیں بننے دیں گے اگر ضلع ڈیرہ بگٹی کے کسی بھی علاقے میں اغوا کاری کا کوئی واقع پیش آیا تو ان عناصر کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائیگی انہوں نے کہا کہ ضلع ڈیرہ بگٹی میں اغوا کاروں اور جرائم پیشہ افراد کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے جائیگا جبکہ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ کسی کو بھی ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔

شال بقیہ 13

میٹرک کے امتحانات کے فارم جمع کرانے کی تاریخ میں تین دن کی توسیع کر دی گئی ہے اب سنگل فیس کے ساتھ 25 نومبر تک فارم جمع کروا سکتے ہیں۔

شال بقیہ 14

لسٹ کی خلاف ورزی اور تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز کارروائی کے دوران 25 دکانداروں کو گرفتار جبکہ 6 دکانیں ایک ڈیری فارم کو سیل کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ عطاء المنعم نے جان محمد روڈ، ڈبل روڈ اور ملحقہ علاقوں میں سرکاری پرائس لسٹ کے برخلاف دودھ فروخت کرنے پر کارروائی کرتے ہوئے 8 دکاندار گرفتار کر لیا اس موقع پر انہوں نے ڈیری فارموں کا بھی معائنہ کیا۔

شال بقیہ 15

شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی۔ تفصیلات کے مطابق انجمن تاجران کمیٹی پنجگور کی اپیل پر بارڈر کے مسائل اور دیگر مطالبات کے حق میں شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی جس کی وجہ سے بازار کی تمام دکانیں بنک اور دیگر مالیاتی ادارے بند رہے۔ انجمن تاجران کمیٹی نے ہڑتال کے موقع پر بسم اللہ چوک پر احتجاجی کیمپ بھی لگایا گیا کیمپ میں تاجران کمیٹی کے صدر حاجی شکیل احمد دہانی آٹوز گیراج کے صدر عبدالقدیر بلوچ نے اپنے آئندہ کے لائحہ عمل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مطالبات کی منظوری تک ہمارا شٹر ڈاؤن ہڑتال جاری رہے گی اور آج سے ہم ڈپٹی کمشنر آفس میں جا کر وہاں بھی اپنا احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر پر پنجگور کے عوام آزادانہ روزگار چاہتے ہیں چیدگی کو جسطرح چند لوگوں کے حوالے کر کے غریب عوام کو مالی سطح پر نقصان پہنچایا جا رہا ہے وہ قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہمارے مطالبات نہیں مانے گئے تو ہم سی پیک بھی بند کریں گے۔

شال بقیہ 16

شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں مجموعی ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ منگل کو وزیر اعظم شہباز شریف نے آصف علی زرداری کا استقبال کیا۔ سابق صدر آصف علی زرداری نے وزیر اعظم شہباز شریف کی مزاج پرسی کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے سابق صدر کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ دونوں قائدین نے مجموعی ملکی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

شال بقیہ 17

میں علی امین گنڈا پور نے پاک فوج کے حق میں ریلی نکالنے پر ڈاکٹر ہشام پر شدید تنقید کی۔ علی امین گنڈا پور کی جانب سے آڈیو میں سابق صوبائی وزیر ہشام انعام اللہ کے بارے میں نازیبا الفاظ کا استعمال کیا۔ رہنما تحریک انصاف علی امین گنڈا پور نے کہا کہ وزیر اعلیٰ سے میری درخواست ہے کہ اس کا سارا فنڈ بند کیا جائے۔

شال بقیہ 18

مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر سید نوید قمر نے بتایا کہ وزارت تجارت اور سرمایہ کاری 29 نومبر سے یکم دسمبر 2022 تک جوہانسبرگ، جنوبی افریقہ میں تیسری پاکستان افریقہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ کانفرنس اور سنگل کنٹری نمائش کا انعقاد کر رہی ہے۔ پاکستان سے تقریبا 225 نمائش کنندگان اور کاروباری مندوبین پر مشتمل ایک وفد جو کہ دواسازی، ٹریکٹر/زرعی مشینری، انجینئرنگ کے سامان، کھیلوں کے سامان اور کیمیکل سمیت ہیں بڑے شعبوں کی نمائندگی کرتا ہے، تیسری پاکستان افریقہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ کانفرنس اور سنگل کنٹری نمائش میں شرکت کیلئے جوہانسبرگ کا دورہ کر رہا ہے۔ سنگل کنٹری نمائش میں لگ بھگ 130 کمپنیاں اپنی مصنوعات کی نمائش کریں گی۔ ساتھ افریقن ڈیولپمنٹ کمیونٹی کے 16 رکن ممالک کے عہدیداروں اور کاروباری شخصیات کو کانفرنس میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 19

پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما نے لکھا کہ 7 ماہ سے عمران خان امریکا اور اسٹیبلشمنٹ پر حکومت گرانے کا الزام لگا رہے تھے، اچانک عمران خان کو خیال آیا کہ ان کی حکومت گرانے میں بیرونی اور اندرونی سازش نہیں تھی۔ شیری رحمان نے کہا کہ حقیقی آزادی کے جھوٹے بیانیے کی بنیاد پر ملک میں تقسیم، نفرت اور انتشار پھیلایا گیا، نفرت انگیز سیاست سے ملک اور اداروں کو نقصان ہوا، کیا ایک یوٹرن لینے سے ازالہ ہو جائیگا؟، ان کی تمام سیاسی زندگی یوٹرن میں ہی گزری گی کیوں کہ ان کی سیاست ملک اور عوام سے نہیں بلکہ ان کے اپنے ذاتی مفادات سے جڑی ہوئی ہے۔ رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ بظاہر یہ جانتے تھے کہ عدم اعتماد میں کوئی بھی سازش شامل نہیں تھی، وہ ایک آئینی اور پارلیمانی معاملہ تھا لیکن موقع سے سیاسی فائدہ اٹھانے کیلئے انہوں نے پاکستان کے عالمی تعلقات کو داؤ پر لگایا۔

شال بقیہ 20

کے موقف کی جیت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے موقف کو دنیا نے تسلیم کیا، وزیر اعظم شہباز شریف نے ترقی پذیر ممالک پر موسمیاتی تبدیلیوں کے مہلک اثرات اور پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں کو عالمی ایجنڈے میں تبدیل کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی قیادت میں پاکستان کے موقف نے عالمی اتفاق رائے بنانے میں فیصلہ کن کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈیمیج اینڈ لاس فنڈ کے قیام سے پاکستان میں سیلاب متاثرین کی بحالی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتیریس ترقی پذیر ممالک کے محسن ثابت ہوئے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اور وزیر موسمیاتی تبدیلی شیری رحمان کی کاوشوں نے عالمی سطح پر پاکستان کے موقف کو جیت دلانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ کاپ۔27 میں عالمی فنڈ کے قیام کا فیصلہ کرہ ارض کو موسمیاتی تبدیلیوں کی تباہ کاریوں سے بچانے میں تاریخی سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام عالمی قائدین مبارک اور خراج تحسین کے مستحق ہیں جنہوں نے کرہ ارض کو بچانے کے لئے فیصلہ کن اور عملی قدم اٹھایا، یہ عالمی اتحاد موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کے مقابلے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

شال بقیہ 21

انہوں نے منگل کو وفد کے ہمراہ جامعہ اسلامیہ شاہ ولی اللہ قلات آمد کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے قائد مولانا فضل الرحمن کا دورہ سے بلوچستان میں قبائلی وسیاسی زعماء کی جمعیت علماء اسلام میں شمولیت سے جمعیت علماء اسلام صوبے میں مزید مضبوط ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ چار سال تک قوم کو دھوکے میں رکھنے والا اب پھر اقتدار میں آنے کیلئے ہاتھ پاؤں مار رہا ہے تاکہ ان کے ایجنڈے کی تکمیل ہو، عمران خان کا ایجنڈہ مغربی تہذیب کا فروغ کشمیر کی فروخت، اور معاشی تباہی وبربادی کا ایجنڈہ ہے قوم وملک کو ایک مسخرے کے حوالے نہیں کیا جاسکتا انہوں نے کہا کہ اگر عمران خان کو اور موقع دیا جاتا تو ہمارا ملک مزید تباہی کی طرف جاتا۔ اس موقع پر مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مفتی روزی خان، ایم این اے مولانا کمال الدین، ایم پی اے عزیز اللہ آغا، مولانا عبدالرحمان رفیق، حافظ محمد قاسم لہڑی ودیگر موجود تھے۔

شال بقیہ 22

اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔ دوسری جانب ایک نجی ٹی وی کے مطابق آرمی چیف کی تعیناتی کے حوالے سے آئندہ 24 گھنٹوں میں پیشرفت متوقع ہے۔ خیال رہے کہ 29 جولائی کو آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ اور چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف عہدے سے سبکدوش ہو رہے ہیں۔ دریں اثناء وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ وزارت دفاع کے پاس (آج) بدھ کو سینئر افسران کے نام آجائیں گے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو خواجہ آصف نے کہا کہ اگلے 48 گھنٹوں میں آرمی چیف کی تقرری کا کام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزارت دفاع کے پاس (آج) بدھ کو سینئر افسران کے نام آجائیں گے، ہم نام وزیر اعظم کے حوالے کریں گے اور وہ فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سینئر فوجی افسران کا نام بھیجنے کا استحقاق جی ایچ کیو کا ہے، سول ملٹری تعلقات میں قطعی کوئی تناؤ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل باجوہ نواز شریف کا احترام کرتے ہیں۔

شال بقیہ 23

ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلد تحقیقی رپورٹ مل جائے گی، ہم کچھ لوگوں تک پہنچ چکے ہیں، اس معاملے کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔ وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کے ڈیفالٹ ہونے کا خطرہ نہیں ہے۔

شال بقیہ 24

وزیر نے کہا کہ ٹرانسمیشن لائن کے ذریعے 884 میگاواٹ سکی کناری ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے بجلی کی پیداوار کو قومی گرڈ میں شامل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سکی کناری ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سی پیک کے تحت 2017 میں 2100 ملین ڈالر کی خطیر رقم سے شروع کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ سالانہ تقریبا 129.3 ملین یونٹ بجلی پیدا کرے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس منصوبے سے 6000 سے زائد افراد کو روزگار ملا، پاور پلانٹ نومبر 2024 میں بجلی کی پیداوار شروع کرے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سکی کناری ہائیڈرو پاور پراجیکٹ سے پیدا ہونے والی سستی بجلی سے گھریلو، زرعی اور صنعتی صارفین مستفید ہوں گے۔

شال بقیہ 25

آغا گل نیشنل پارٹی کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی نیاز بلوچ حاجی عبدالصمد رند ڈاکٹر رمضان ہزارہ کاشف حیدری ودیگر نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ ستر ارب روپے امن امان پر خرچ ہونے کے باوجود لوگوں کا جان ومال محفوظ نہیں اچھی شہرت کے پولیس اور انتظامی افسران کو کھڈے لگا کر کرپٹ ترین اور کمزور افسران کو چور بازاری کے لیئے تھانے اور تحصیل حوالہ کئے ہوئے ہیں اچھے افسران کو ایم پی ایز اور وزراء کام کرنے نہیں دیتے جس کے باعث چوری اور ڈکیتی کے اردواتوں میں روز اضافہ ہو رہا ہے مقررین نے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا کہ ستم ظریفی کا عالم یہ ہے کہ موجودہ کرپٹ اور نااہل حکومت کو مولانا مفتی محمود سردار عطا اللہ خان مینگل خان عبدالصمد خان اچکزئی جیسے اکابرین کے پیروکاروں کی حمایت محض فنڈ کمیشن اور کرپشن کی خاطر حاصل ہے اگر فنڈ لیکر کرپشن کرنا تھا تو سب سے بہتر انتخاب ایوب خان بھٹو ضیا الحق اور مشرف تھا مگر ان اکابرین نے ان کے خلاف علم بغاوت بلند کی مگر ان کے پیروکار انکا منہ چوم کر اس نااہل شخص کو وزیر اعلیٰ کی کرسی پر بٹھایا اس کا فیصلہ تاریخ کریگا۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ ایف سی سے پولیس اور کسٹم کے اختیارات واپس لئے جائیں بلوچستان میں امن امان قائم کیا جائے بصورت دیگر بلوچستان بھر میں مظاہرے کئے جائیں گے۔

شال بقیہ 26

حکومت عوام کی طرف توجہ دیتی تو معیشت کی تباہی نہ ہوتی۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ تاریخ کا سب سے بڑا اجتماع راولپنڈی میں ہونے جا رہا ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ انتشار سے نکلنے کا راستہ صرف انتخابات کا اعلان ہے، معیشت کی تباہی سے عوام کی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان گولیاں کھانے کے باوجود ڈٹے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 27

معاشرے کے دیگر مکاتب فکر کی طرح معذورین کو بھی ان کے بنیادی حقوق ملنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ معذورین کو بلا رکاوٹ انکی دہلیز پر ان کے حقوق باہم پہنچانا وفاقی اور صوبائی حکومتوں کا فرض ہے انہیں بنیادی حقوق کے ساتھ ساتھ خصوصی سہولتیں فراہم کی جائیں تاکہ وہ معاشرے میں باعزت زندگی گزار سکیں انہوں نے کہا کہ سماجی سطح پر لوگوں کی پذیرائی اور دل جوئی سے ہی معذور افراد کو حوصلہ ملتا ہے اور وہ ایک ذمہ دار شہری کے طور پر معاشرے کی فلاح اور بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ سرکاری اور نیم سرکاری اداروں اور نان گورنمنٹ آرگنائزیشن کی ذمہ داری ہے کہ معذور افراد کیلئے روزگار کا وسیلہ پیدا کریں تاکہ وہ کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانے کے بجائے باعزت طریقے سے زندگی گزار سکیں۔

شال بقیہ 28

کنی کر کے ضلع لسبیلہ کو امن کا گہوارہ بنائیں گے، اوتھل وندر پولیس۔ تفصیلات کے مطابق منگل کی شام اوتھل تھانہ میں SDPO وندر، کنر اج منور علی شیخ، SDPO اوتھل، بیلہ، لاکھڑا، لیاری محبوب علی بگٹی، ایس ایچ او اوتھل محمد امین ساسولی، ایس ایچ او وندر عبدالحق موسیانی، سی آئی اے انچارج وندر محمد عالم انگاریہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملزم محمد حسن سالاتی ولد عبدالستار سالاتی سکنہ خضدار حال اوتھل جو کہ اوتھل اور وندر تھانے کے حدود میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث تھا ان کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریس کر کے اوتھل کے نواحی علاقے کنڈیارو سے گرفتار کر کے ملزم کے قبضے سے تین موٹر سائیکلیں، جن میں ایک موٹر سائیکل محکمہ لائیو اسٹاک لسبیلہ کی بھی شامل ہے، 16 عدد موبائلز، 3 عدد بیٹری چارجرز، 3 عدد موبائل چارجرز اور واردات میں استعمال ہونے والا سامان برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا اور مذید تفتیش شروع کر دی ہے جس میں مزید گرفتاریاں اور اہم انکشافات متوقع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گروہ اوتھل اور وندر میں کمال مہارت سے چھتیں توڑ کر اور رسی کی مدد سے اندر کود کر وارداتیں کرتے تھے انہوں نے کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کی بیخ کنی کر کے ضلع لسبیلہ کو امن کا گہوارہ بنائیں گے۔

شال بقیہ 29

ونمائندگان سے ملاقاتیں کیں اور باہمی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے لیئے جاری کاوشوں کا جائزہ بھی لیا۔ ڈونلڈ بلوم نے امریکی بزنس کاؤنسل میں صنعتی شعبہ جات کے سربراہان سے گفتگو میں اس اہم پہلو پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ امریکا اور پاکستان کی حکومتوں کیجانب سے پائیدار اور وسیع البنیاد معاشی ترقی کیلئے کس طرح مشترکہ کردار ادا کیا جا سکتا ہے۔ ملاقات میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈونلڈ بلوم نے کہا کہ پاکستان کیساتھ سبز اتحاد برقرار رکھنے کیلئے ہم پر عزم ہیں، امریکا سمجھتا ہے کہ سبز اتحاد پاکستان میں نجی شعبہ جات اور ماحول دوست زراعت کی ترقی و ترویج کیلئے کوشاں ہے۔ امریکا ایک طرف باہمی تجارت کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا شراکت دار ہے، تو دوسری جانب امریکا ان ممالک کی فہرست میں سب سے اوپر ہے۔

شال بقیہ 30

کے الزامات پر معطل کر دی گئی ہے اسسٹنٹ کمشنر سبی کو اینٹی کرپشن سبی سرکل کے ساتھ ملکر انکوائری آفیسر مقرر کیا گیا ہے انکوائری کمیٹی پندرہ دنوں کے اندر اندر بدعنوانی اور کرپشن کے الزامات کی تحقیقات کر کے رپورٹ پیش کرے گی۔ کمشنر سبی ڈویژن شاہد سلیم قریشی کے حکم پر تحکم ثانی بشیر احمد پتواری کو حلقہ پتواری نجگ اور عبدالخالق پتواری کو حلقہ مل کا اضافہ چارج سپرد کیا گیا ہے کمشنر سبی ڈویژن شاہد سلیم قریشی نے کہا کہ میں کوئی بھی پتواری یا سرکاری اہلکار کرپشن میں ملوث پایا گیا تو اسے گھر بھیج دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ سبی ڈویژن میں کرپشن کسی صورت بھی برداشت نہیں کروں گا۔

شال بقیہ 31

اعظم سواتی کے ویڈیو ثبوت نہ دینے پر سینیٹرز استعفے کے مطالبے سے پیچھے ہٹ رہے ہیں، سینیٹ میں پی ٹی آئی کی اکثریت نہ ہونا بھی تحریک پیش کرنے میں رکاوٹ بن رہا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف نے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی سے استعفے کا مطالبہ کیا تھا۔ سینیٹ میں پی ٹی آئی اور متحدہ اپوزیشن کی پارلیمانی پارٹی کا اجلاس ہوا تھا، جس میں کہا گیا کہ اعظم سواتی کے تقدس کی پامالی پر چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی استعفیٰ دیں۔

شال بقیہ 32

کہ عمران خان کو کعبہ اللہ کے ماڈل والی گھڑی تحفے میں لیکن وہ گھڑی آج ایک تاجر کے پاس ہے جو انتہائی باعث شرم ہے۔ شمیم آفریدی نے کہا کہ عمران خان ملک کے اداروں کو کمزور کرنے کے بیرونی مشن پر ہے۔ وہ گالم گلوچ کی سیاست کے مالک ہیں۔ سینیٹر شمیم آفریدی نے کہا کہ عمران خان نے بال چین تک نا چھوڑا۔ وہ کرپشن میں ڈوبا شخص ہے، انہوں نے کرکٹ کے علاوہ زندگی میں کوئی کام نہیں کیا، یہ کیسے ارب پتی بن گئے، ان کے وزیروں اور مشیروں نے کھربوں کی کرپشن کی ہے۔ عمران خان نے اپنے لوگوں کی کرپشن پر چپ سادھ رکھی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں سینیٹر شمیم آفریدی نے کہا کہ لانگ مارچ کا کوئی مستقبل نہیں۔ راولپنڈی میں دو گھنٹے تقریر کے بعد لانگ مارچ کی ہوا نکل جائے گی۔ راولپنڈی کا نام بار بار لینا ایک ادارے پر دباؤ ڈالنے کی ناکام کوشش ہے۔

شال بقیہ 33

5ویں بیچ کی حلف برداری کے دوران کیا۔ اس فیلو شپ کا آغاز 2013ء میں وفاقی وزیر نے شروع کیا تھا جس کو 2018ء میں پی ٹی آئی کی حکومت نے بند کر دیا تھا تاہم اس کا دوبارہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ ینگ ڈویلپمنٹ فیلوز کے تحت YDFs کو وزارت کے مختلف حصوں میں تعینات کیا گیا ہے تاکہ وہ حکومت کے معاملات کو جان سکیں اور ملکی ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکیں۔ وفاقی وزیر نے علامہ اقبال کے پیغام پر روشنی ڈالتے ہوئے وائی ڈی ایفز پر زور دیا کہ وہ عظیم شاعر اقبال کے فلسفے کو اپنائیں جنہوں نے اپنی شاعری سے نوجوانوں کو شاہین سے تشبیہ دی ہے اور آج کا نوجوان اقبال کے فلسفے کو اپناتے ہوئے معاشرے کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکتا ہے۔ یاد رہے کہ ملک بھر سے ینگ ڈویلپمنٹ فیلوز کا انتخاب میرٹ کی بنیاد پر کیا گیا ہے اور ایک سالہ انٹرن شپ پروگرام مکمل کرنے کے بعد نوجوان فیلوز حکومت کے معاملات کو سمجھنے کے قابل ہو جائیں گے۔

شال بقیہ 34

ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی کی خصوصی ہدایات پر زیر نگرانی اسسٹنٹ کمشنر جہانزیب بلوچ ایس ایچ او لیویز تھانہ قلات رسالدار جان محمد لانگو کی سرپرستی میں مختلف ٹیمیں تشکیل دی گئیں۔ جن میں ایڈیشنل ایس ایچ او لیویز تھانہ قلات نائب رسالدار عبدالکریم مینگل تفتیشی آفیسر رسالدار علی احمد نیچاری رسالدار علی احمد مینگل تفتیشی آفیسر نائب رسالدار حافظ محمد ابراہیم پندرانی نائب رسالدار نعمت اللہ میروانی دفعدار شیر احمد لہڑی ودیگر کو مختلف مقامات پر ذمہ داری سونپی گئی تاکہ جرائم پیشہ ملزمان کے خلاف گھیرا تنگ کر کے اپنے عوام کو چین وسکون دلانے کیلئے ہر ممکن کوششیں بروئے کار لایا جائے۔

شال بقیہ 35

وصرف وزیر اعظم کے پاس ہے اور سمری میں سے جو بھی افسر عہدے کے لیے اہل ہوں گے وزیر اعظم ان کا انتخاب کریں گے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ آج پاکستان کے جو حالات ہیں ان کی ذمہ داری 2018 میں چوری کی گئی الیکشن پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح 2017 میں نواز شریف کو اقتدار سے باہر کیا گیا اور 2018 کے انتخابات چوری کیے گئے وہ سب کے سامنے ہے اور آج ملکی حالات کی ذمہ داری اسی الیکشن پر ہے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ سیاست میں اختلافات ہوتے رہتے ہیں مگر ہمیں تمام اختلافات کو علیحدہ کر کے نواز شریف اور مسلم لیگ (ن) کو کامیاب کرنا ہے اور پورا یقین ہے کہ 2023 کے انتخابات میں تاریخی کامیابی ملے گی کیونکہ ملک میں چار سال تک جھوٹ بولا گیا اور آج بھی جھوٹ بولا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بات اگر سیاست کی ہوتی تو ہم نے چار سال اپوزیشن میں گزار لیے تھے، جیل بھی کاٹ لیے تھے لیکن بات صرف سیاست کی نہیں بلکہ ملک کی ہوتی ہے اور مسلم لیگ (ن) نے سیاست کی قیمت ادا کر کے پاکستان کے حالات ٹھیک کیے۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ انتشار اور جھگڑوں سے ملک نہیں چل سکتا اس لیے آج ملک میں اتفاق کی ضرورت ہے مگر عمران خان کے دھرنے اور دھمکیوں کا ایک ہی مقصد ہے کہ وہ آرمی چیف کی تعیناتی پر اثر انداز ہو سکیں۔

شال بقیہ 36

جائے گی۔ کیونکہ نظام کو پیرا ملٹری فورسز اور لیویز نے ملکر کام کیا ہے پولیس کا نظام شہریوں کا مستقبل ہے۔ پولیس کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے جدید تربیت کی فراہمی ممکن بنائی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو گورنر ہاؤس بلوچستان میں پولیس کے شہداء کے لواحقین اور پولیس فورس کے غازیوں میں ایوارڈ دینے کی تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مشیر داخلہ و پی ڈی ایم اے میر ضیاء اللہ لانگو، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی اور آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم، مختلف محکموں کے سیکرٹریز، صوبائی وزراء اراکین اسمبلی، ڈی جی نیکٹا محمد طاہر رائے، ایڈیشنل آئی جی سلیمان چوہدری، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹر جواد ڈوگر، ڈی آئی جی کوئٹہ کیپٹن (ر) غلام اظفر مہیسر، ڈی آئی جی کرائم برانچ وزیر خان ناصر، ڈی آئی جی ژوب سلیم لہڑی، اے آئی جی فنانس سہیل احمد شیخ، اے آئی جی اسٹیبلشمنٹ زوہیب احمد سمیت سابق آئی جی پولیس سید کلیم امام، طارق محمود کھوسہ، سابق ایڈیشنل آئی جی پولیس عبدالرزاق چیمہ سمیت دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 37

ف جاری ٹرائل کیسیں ختم کیا جاتا ہے۔ نیب ریفرنس کے خلاف اسحاق ڈار، سعید احمد، نعیم محمود اور منصور رضا نے بریت کی درخواستیں دائر کی تھیں۔ واضح رہے کہ قومی احتساب بیورو کی جانب سے آمدن سے زائد اثاثہ جات کا ریفرنس 2017ء میں دائر کیا گیا تھا، جس میں وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار، سابق صدر نیشنل بینک سعید احمد، نعیم محمود اور منصور رضا رضوی نامزد تھے۔ عدالت نے فریقین کے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کیا تھا، جو سنا دیا گیا۔ ریفرنس میں تفتیشی افسر سمیت 42 گواہان کے بیانات قلمبند کیے گئے تھے۔ اسحاق ڈار کے خلاف ریفرنس کے تفتیشی افسر نادر عباس تھے۔ یاد رہے کہ نیب نے 2017ء میں احتساب عدالت میں ریفرنس دائر کیا تھا جس کے بعد اسحاق ڈار 2017ء کے آخر میں بیرون ملک چلے گئے تھے اور مسلسل عدم پیشی پر عدالت نے اسحاق ڈار کو اشتہاری قرار دے دیا تھا۔ اسحاق ڈار نے 4 سال بعد عدالت میں سرنڈر کیا اور بریت کی درخواست دائر کی تھی۔

شال بقیہ 38

کی سب سے بڑی پارلیمانی جماعت ہے اور اسے عوام کا بھرپور مینڈیٹ حاصل ہے بدقسمتی سے ان ساڑھے چار سال کے دوران پارٹی پر توجہ نہ ہونے کی وجہ سے اندرونی طور پر انتشار کا شکار ہے تاہم پارٹی کے مرکزی اور صوبائی انتخابات میں نئی آنے والی قیادت پارٹی پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پارٹی قیادت خصوصا مرکزی صدر و وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی صدر سردار صالح بھوتانی پارٹی کو مزید مضبوط اور فعال کرنے کیلئے مزید عملی اقدامات اٹھائیں تاکہ ساڑھے چار سال کی مایوسی کا خاتمہ ہو اور پارٹی ورکر جو کہ پارٹی کی طاقت کا سرچشمہ ہیں دن رات لگ کر پارٹی کا پیغام صوبے میں پھیلائیں کیونکہ ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اس بات کا اشارہ دے رہی ہے کہ ملک میں کسی بھی وقت عام انتخابات کا اعلان ہو سکتا ہے۔

شال بقیہ 39

اساس پی کے، میڈم فہمیدہ رہنما، ایف پی اے پی اور دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں پی اے سی پی کی جانب سے ڈپٹی منیجر ڈاکٹر داؤد خان اچکزئی ڈاکٹر ممتاز کمسی اشفاق خان یاسین زئی اور عبدالرؤف بلوچ شریک ہوئے۔ اجلاس میں ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں اضافے پر تشویش اظہار کیا گیا اور بتایا گیا کہ صرف کوئٹہ میں پچھلے سال کی نسبت اس سال مریضوں کی تعداد میں ڈھائی سو اضافہ ہوا ہے جو کہ الارمنگ صورتحال ہے اس طرح ہائی رسک اضلاع میں بھی ایڈز کے مریضوں کی تعداد کم ہونے کی بجائے بڑھ چکی ہے کوئٹہ میں اس سال سو ٹرانس جینڈر میں سے اٹھارہ میں ایڈز پایا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ اس سال ایڈز کے عالمی دن کو بھرپور انداز میں منانے کے لئے مہم کا آغاز 25 نومبر سے کیا جائیگا اور یہ مہم پانچ دسمبر تک جاری رہیگا اس مہم کے دوران مختلف سیمینارز اور آگہی سیشنز منعقد ہونگے جبکہ ریڈیو اور ٹی وی سے مختلف علاقائی زبانوں میں بھی آگہی پروگرامز نشر ہونگے۔

شال بقیہ 40

باہے جو لمحہ فکریہ ہے۔ بلوچستان میں غربت بدعنوانی بے روزگاری اور مسائل حکمرانوں منتخب نمائندوں، خود ساختہ بااختیار اور بااثر طبقات وجہ سے ہے بلوچستان وسائل سے مالا مال لیکن بدعنوانی، ناانصافی، وسائل کی غلط تقسیم کی وجہ سے عام عوام پریشان ہیں بلوچستان میں سوئی سدرن گیس کی جانب گیس لوڈشیڈنگ، گیس کی بندش، پریشر میں کمی ناانصافی ہے۔ آدھا بلوچستان بجلی کی سہولت سے محروم ہے دورویہ سڑکیں نہ ہونے کے برابر ہیں موٹروے، گرین بس، میٹرو بس اور ٹرین کی جدید سہولیات سے اہل بلوچستان کو کیوں محروم رکھا گیا ہے بلوچستان کے جگر گوشوں کو لاپتہ کر کے مستقل مسائل پیدا کیے گیے ہیں۔ بلوچستان میں صنعتیں نہ ہونے اور جو ہیں ان کو مستقل بند کیا گیا ہے جس کی وجہ سے بے روزگاری عام ہوگئی ہیں۔

شال بقیہ 41

محمد ابوبکر حافظ رحمان گل اور دوست محمد نے کہا کہ کوئٹہ کے مسائل گھمبیر صورت اختیار کر گئے، مختلف علاقوں میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ متعلقہ پولیس تھانوں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، اس حوالے سے جمعیت جلد پولیس کے اعلیٰ حکام سے ملاقات میں واقعات کی نشاندہی کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ گیس سے محرومی بے حسی کی انتہا ہے، ذمہ داروں کی غفلت ناقابل معافی عمل ہے، بدقسمتی سے ہمارے شہری بنیادی انسانی حقوق سے محروم ہوتے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 42

30 کروڑ کے فنڈز جاری کیے گئے تھے، مالی سال کے پانچ ماہ میں 50 فیصد سے زائد کے فنڈز استعمال ہوگئے جبکہ رواں مالی سال میں ساڑھے 4 ارب کے فنڈز میں سے 2 ارب 60 کروڑ روپے خرچ ہوگئے۔ آئی جی پنجاب نے تیسرے کوارٹر کے فنڈز قبل از وقت جاری کرنے کے لیے محکمہ خزانہ کو مراسلہ بھجوا دیا۔

شال بقیہ 43

قلات جناب منیر احمد درانی کی خصوصی ہدایات پر، زیر نگرانی اسسٹنٹ کمشنر قلات جہانزیب بلوچ SHO، لیویز تھانہ قلات رسالدار جان محمد لانگو کی سرپرستی میں مختلف ٹیمیں تشکیل دی گ%یں۔ جن میں ایڈیشنل SHO لیویز تھانہ قلات نا%ب رسالدار عبدالکریم مینگل تفتیشی آفیسر رسالدار علی احمد نیچاری، رسالدار علی احمد مینگل، تفتیشی آفیسر نائب رسالدار حافظ محمد ابراہیم پندرانی، نا%ب رسالدار نعمت اللہ میروانی، دفعدار شیر احمد لہڑی ودیگر کو مختلف مقامات پر ذمہ داری سونپی گ%ی تاکہ جرا%م پیشہ ملزمان کے خلاف گھیرا تنگ کر کے اپنے عوام کو چین وسکون دلانے کیل%ے ہر ممکن کوششیں برو%ے کار لایا جا%ے اور اپنے علاقہ کے اندر وباہر کے ہر جرا%م پیشہ افراد پر کڑی نظر رکھ کر یا رکھوا کر ملزمان کو مجاز عدالتی کٹہرے میں لاکھڑا کرنا ہے۔ لیویز کی انتھک کوششوں سے گزشتہ روز خفیہ اطلاع ملنے پر اپنے مخلص عوام کی تعاون سے لیویز قلات نے کاروا%ی کر کے دو ملزمان آصف ولد کریم بخش اور شہزاد ولد عبدالعزیز ساکنان نیمرغ سے دو بوری سرقہ شدہ واپڈا کھمبوں کی تاریں برآمد کر کے ملزمان سے تفتیش عمل میں لا%ی گ%ی۔ دوران تفتیش ملزمان اپنے کردہ جرم سے اقراری ہو کر اپنے دیگر ساتھی ملزمان کو بھی نامزد گردانے۔ لیویز قلات نے مزید کاروا%ی کر کے حسب نشاندہی ملزمان جا%ے موقع کی نشاندہی اور سرقہ شدہ واپڈا کھمبوں کی تاروں کے دو بنڈل بھی نیمرغ کے ایک مکان سے برآمد کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ لیویز فورس اپنے عوام کا محافظ ہے۔ انشاء اللہ مزید ملزمان کی گرفتاری متوقع ہے۔

شال بقیہ 44

احکامات پر ایس ایس پی نصیر آباد میر حسنین احمد لہڑی کی خصوصی ہدایات اور ایس ڈی پی او سرکل سٹی گلاب خان شیخ کی زیر نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی سب انسپکٹر سکندر سعید عمرانی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف تابڑ توڑ کارروائی کرتے ہوئے ملزم سمیع اللہ ولد اللہ یار قوم واجہ کے قبضے سے ایک ہزار گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ فرد 167/2022 زیر دفعہ 9 سی نارکوٹکس درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ پولیس تھانہ سٹی نے مزید تفتیش شروع کر دی۔

شال بقیہ 45

احمد بلوچ نے صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب متاثرین کی بحالی کے لئے مرحلہ وار کام جاری ہے میری خواہش ہے غریب متاثرین کو جلد پکے شیلٹر فراہم ہو تاکہ وہ مستقل اپنے گھروں میں شفٹ ہو جائے میرے ضلع کے تمام مسائل پر کڑی نظر ہے غریب کسانوں میں بیج کا شفاف عمل جاری ہے جو جلد اختتام پذیر ہونے والا ہے تمام بی ایچ یوز میں وافر مقدار میں ادویات فراہم کی گئی ہے اور ملیریا پر قابو پا چکے ہیں اور تمام اسکولز فنکشنل ہیں اور ضلع میں میگا پروجیکٹ جہاں پر پانی تھا وہاں میں نے بند باندھ کر کام شروع کروائے ہیں اور ضلع میں ڈیوا رنگ کا کام بھی مکمل ہونے والا ہے اور میری خواہش ہے کہ سیلاب متاثرین کو پکے شیلٹر فراہم کئے جائے تاکہ وہ اپنے گھروں میں واپس چلے جائے اور ضلع بھر میں تمام ادارے مکمل فعال ہیں اور جلد نادرا آفس بھی بحال ہو جائے گی اور میری تمام مسائل پر کڑی نظر ہے اور میری آفیس کے دروازے غریب عوام کے لئے ہر وقت کھلے ہوئے ہیں اور میری اولین ترجیحات غریب عوام کے مسائل حل کرنا ہے۔

شال بقیہ 46

کو نہ ایٹیشن علانہ سٹیلیشن۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے اور اس کے اثرات واضح طور پر نظر آنا شروع ہو گئے ہیں، سات مہینے کی ''بحرانی'' سیاست اب معمول کی سیاست میں تبدیل ہو گی اور تمام جماعتیں اس حقیقت کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوں گی کہ اب مقابلہ الیکشن میں ہو گا جو اپنے وقت پر ہو گے انہوں نے کہا کہ حکومت اور تحریک انصاف میں مذاکرات کا عمل بھی شروع ہو سکتا ہے۔ حکومت آفر کر سکتی ہے کہ خان صاحب کی جماعت قومی اسمبلی میں واپس آئے اور مل کر انتخابی اصلاحات کی جائیں جن کی بنیاد پر الیکشن صاف اور شفاف ہوں انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کا پیدا کردہ سیاسی عدم استحکام اب اپنی آخری سانسیں لے رہا ہے اور اس کی جگہ نارمل صورتحال جنم لے رہی ہے اس میں ملک کا فائدہ ہے، خان صاحب نے سیاسی جوا کھیلا اور ہار گئے، ان کی ہار شاید پاکستان کی جیت ہے۔ اس لیے انہیں برا نہیں منانا چاہیے۔

شال بقیہ 47

حاجی عبداللہ، واجہ حیبتان سمیت دیگر موجود تھے۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماؤں نے بارڈر کمیٹی کے مطالبات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں ہونے والے کاروبار کو مکمل طور پر آزادانہ اور سرکاری مداخلت کے بغیر کرنے کی مکمل سپورٹ وحمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکران بارڈر پر ہونے والے کاروبار کو تحفظ فراہم کیا جائے غیر قانونی سرکاری مداخلت بند کر کے بارڈر علاقوں میں آباد افراد کو پہلی ترجیح دے کر رشوت کی بنیاد پر جاری کی گئی۔

شال بقیہ 48

جان کاکڑ نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب کے نتیجے میں ہنہ اوڑک میں 150 گھر تباہ ہو چکے ہیں، لیکن تین ماہ گزر جانے کے بعد بھی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے دورہ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ولی کے اچھے گرانے سے تعلق رکھنے والے افراد بھی اب مجبوراً محنت مزدوری کی غرض سے شہروں کا رخ کر کے نکل مکانی پر مجبور ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سالانہ ٹیکس خوراک بمختلف پھلوں اور دیگر اشیاء کوئلہ، گیس کی صورت میں ولی سے حاصل ہوتی ہیں، ابھی تک ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ولی میں موجود کوئی سرکاری ڈاکٹر نہ میڈیکل سٹاف نے وزٹ کیا اور نہ ہی کسی کو اس بات کا احساس ہے کہ مشکل وقت میں اپنی ڈیوٹی سرانجام دینی چاہیے۔

شال بقیہ 49

کی خصوصی ہدایات پر ایس پی صحبت پور جناب سجاد حیدر ترین کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے سب انسپکٹر حبیب اللہ انچارج CIA صحبت پور نے اغواء کے مقدمہ میں پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کو مقدمہ نمبر U / S '2013/39 [illegible] 148,147,496A.496B.342 PS Malik Mohammad Ali Shaheed روپوش ملزم میر ولد جعفر عرف ظفر قوم لونگی کو گرفتار کر لیا ہے۔

شال بقیہ 50

نیو فیڈر راور حسنی فیڈر سمیت تحصیل دشت کے دیگر فیڈرز کو سنگل فیس کر کے عوام کو مشکلات سے دوچار کر دیا گیا ہے۔ بجلی سنگل فیس ہونے سے علاقے میں پانی کی شدید قلت پیدا ہوئی ہے زراعت کا شعبہ تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے کیسکو عوام دشمن رویہ ترک کر کے مکمل بجلی کی ترسیل شروع کی حاجی داؤد شاہوانی کہا ہے کہ کیسکو وگیس کی جانب سے میاں غنڈی نیو فیڈرز تحصیل دشت کے حسنی فیڈر سمیت تمام فیڈرز کو سنگل فیس کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 51

کے خاتمے کے لیے اپنی پوری قوت استعمال کروں گا شہریوں کے جان ومال کی حفاظت اولین ترجیح ہے شہر میں جرائم کے خاتمے کے لیے ٹیمیں تشکیل دی ہیں جو ہروقت شہر میں گشت کر کے پل پل کی رپورٹ فراہم کر رہے ہیں ہماری کسی سے کوئی دشمنی نہیں مگر شہر کے حالات خراب کرنے والے کسی کے دوست نہیں ہو سکتے ہمیں مجرم سے نہیں جرم سے نفرت ہے اور کسی بھی قسم کے جرم میں ملوث افراد رعایت کے مستحق نہیں ہماری کوشش ہے۔

شال بقیہ 52

خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پی آئی ڈی ای اور پی ایس ڈی ای کے زیر اہتمام 36ویں سالانہ کانفرنس قومی اور بین الاقوامی سطح کے ماہرین معاشیات، پالیسی میکرز اور سوشل سائنٹسٹس اور بیوٹمز یونیورسٹی کی فیکلٹی اور طلباء وطالبات کی بڑی تعداد شریک تھی۔ تین روزہ کانفرنس کا انعقاد پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈیولپمنٹ اکنامکس نے بیوٹمز یونیورسٹی کے تعاون سے کیا ہے۔ مذکورہ کانفرنس تین تک جاری رہے گی۔

شال بقیہ 53

سیکورٹی میں کنٹری بیوشن جمع کر رہی ہے لیکن چند مخصوص افراد سوشل سیکورٹی سے مستفید ہو رہے ہیں جو کہ سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اکثر ملازمین کا شکوہ ہے کہ ان کے ساتھ ہتک آمیز رویہ اختیار کیا جاتا ہے جو کہ ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرینا ہوٹل لیبر یونین کے اعلیٰ انتظامیہ اور تمام ذمہ دار آفیسران سے اپیل ہے کہ سوشل سیکورٹی میں موجود ایسے عناصر کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے جن کی وجہ سے سوشل سیکورٹی تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے تاکہ اس مہنگائی کے دور میں غریب مزدوروں کا استحصال بند ہو۔ انہوں نے کہا کہ سرینا لیبر یونین اپنے مزدوروں کے حقوق کی جدوجہد کے لئے فورم پر آواز اٹھانے سے دریغ نہیں کرے گی۔

شال بقیہ 54

ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ چھاتی کے کینسر کی شرح میں ہر سال تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے اور اس کی بڑی وجہ لوگوں میں اس مرض کے بارے میں آگاہی کا نہ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے روزمرہ کے معمولات میں ہم کام کے ساتھ صحت کی دیکھ بھال کو نظر انداز کرتے ہیں جس سے گریز کرنا چاہیے، سب کے لیے میرا پیغام یہ ہے کہ مہینے میں ایک بار چیک اپ ضرور کرائیں۔ بیگم ثمینہ عارف علوی نے کہا کہ بیماریوں سے آگاہی اور بچاؤ کے لیے قومی سطح پر خصوصا دور دراز علاقوں میں کیمونٹی ہیلتھ ایجوکیشن، سیمینارز اور کانفرنسز کے انعقاد کی ضرورت ہے۔ ڈین فیکلٹی آف سائنس، پروفیسر ڈاکٹر ارشاد احمد ارشد نے سیمینار کی صدارت کی جبکہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے شعبہ ریڈیالوجی کی سربراہ ڈاکٹر عائشہ عیسانی نے بھی سیمینار سے خطاب کیا۔ شعبہ انوائرمنٹل ڈیزائن، ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن سائنسز کی چیئرپرسن ڈاکٹر ہاجرہ احمد نے سیمینار کے اغراض ومقاصد بیان کئے۔ ڈاکٹر عائشہ عیسانی نے کہا کہ دنیا میں خواتین میں موت کی سب سے بڑی وجہ چھاتی کا کینسر ہے۔

شال بقیہ 55

بلند درجات عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ بلکیر اور بالخصوص دیناری قوم وڈیرہ قمر دین دیناری جیسے مخلص، راست گو اور اعلیٰ صفت شخصیت سے محروم ہو گیا، دکھ کی اس گھڑی میں ہم اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، وڈیرہ قمر دین خان دیناری ایک درویش صفت اور نہایت ہی سادہ شخصیت کے مالک تھے دیناری قوم ایک معتبر نڈر صاف گو شخصیت سے محروم ہو گیا اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ وڈیرہ قمر دین خان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ درجات مقام عطا کرے آمین یارب العالمین۔

شال بقیہ 56

تھے، انشاء اللہ کر کے 15 جنوری کو فیز ٹو ہونے جا رہا ہے، کراچی اکانومی کی جڑ ہے۔ سابق وزیر نے کہا کہ کراچی کے لوگوں کے مسائل لوکل باڈیز الیکشن سے ہی حل ہوتے ہیں۔

شال بقیہ 57

اور انشاء اللہ اپنے آخری دم تک وفا کرتے رہے گے پارٹی کا وفادار ساتھی کا تعریف اور پارٹی کے خلاف جو صرف نام کے پارٹی میں ہے ورکروں کا عزت نہیں کرتے ہیں ان کے خلاف لکھنے کے لئے یہ سوشل میڈیا بنایا گیا ہے انشاء اللہ اپنے قائد میاں محمد نواز شریف صاحب کے ساتھیوں کے تعریف کے ساتھ ان لوگوں کو بھی بے نقاب کرے گے جو سوشل میڈیا ونگ کا مزاق اڑاتے ہیں جو اپنے دل میں سمجھ رہے ہیں کہ سوشل میڈیا کیا کرے گا یہ ان کا بھول ہے پاکستان مسلم ن سوشل میڈیا ونگ وہ ہے جو حامد میر صاحب نے اپنے ایک بیان کہتے تھے کہ عمران نیازی حکومت ختم کرنے قائد میاں محمد نواز شریف صاحب کے سپاہی سوشل میڈیا ونگ کے شیروں نے کی ہے یہ وہ شیر جو کچھ لوگ مذاق سمجھ رہے ہیں۔ بس

NOTICE INVITING TENDER

The **Assistant Director Local Govt & Rural Dev. Dept. Pishin** invites sealed percentage based bids as per the rates by **B-CSR-2018** (amended up-to-date) from interested firms/suppliers/contractors having valid registration with PEC, Income Tax/GST and BRA for the following works under the PSDP 2022-23. The time limit is 30th of June, 2023. Bid security in the form of **Call Deposit is 02%** of estimated cost for undermentioned schemes. Call deposit

S.#	NAME OF SCHEME/S	TSE. NO.	E. COST (MILLION)
01	Carpeting Black Top Road, Tehsil Nana Sahib &Sharana Tehsil Nasa Sahib District Pishin **PSDP No. 3365/Z2022.1093**	TSE-222311160663	30.00
02	Construction of Drains in Rodh, Murgha, Dilsora Tehsil Nana Sahib District Pishin. **PSDP No. 3360/ Z2022.1081**	TSE-222311160693	10.00
03	Wss and Solar System Khanai Baba, Khanozia Bazar, And Others MC Khanozai District Pishin **PSDP No. 3367/Z2022.1101**	TSE-222311160733	45.00

METHOD OF PROCUREMENT: The procurement shall be made in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority (BPPRA) rules-2014 (amended up-to-date). **Single Stage – Two envelope** procedure will be followed for this open competitive bidding. Tender/bidding documents can be obtained from the office of undersigned on submission of tender fee of **Rs.2000/=** (Non-refundable), deposited through Green challan in **A/C:4157218156 NBP ADLG Pishin** in NBP in the favor of undersigned. The same bidding documents can also be downloaded from B-PPRA website. The name of firm/s and address must be clearly mentioned on the green challan along with written application on letter head of the firm/s. Bid Validity period is 90 days. **ELIGIBILITY CRITERIA OF BIDDER:** Bidding firms must have valid registration with Pakistan Engineering Council (PEC) in category **C-6** or above along with specialized codes as per bidding documents. The Bidding firms must be registered with FBR and BRA and their names must be in **Active Tax Payer List (ATL).** Only one bid can be submitted against one NTN **(B-PRRA Rule 25-3)**. The firm/s must be registered in relevant PEC specialized cedes and must have completed similar nature works as per bidding documents. Firm/s must provide fresh **No blacklisting** and **No litigation** declarations on 100/- pkr attested affidavit. Authorized representatives of bidding firms must submit fresh **Power of Attorney** on 100/- pkr attested affidavit. The firm/s must submit fresh affidavit showing not to be involved in any further bargaining with sub-contractor(s) after receiving work order. **BID/S SUBMISSION & DEADLINE:** The Technical and Financial proposals by bidding firm/s must be delivered to the address mentioned below before or on **08th-Dec-2022 till 01:00 pm.** The documents received after the due date and time will not be accepted. **BID OPENNING:** The envelope containing **"Technical Bids"** will only be opened on the same day i.e. **08th-Dec-2022 at 02:00 pm.** Whereas, Financial bids of technically qualified bidder/s will be open afterwards. **TERMS & CONDITIONS:** (1) Bids not accompanied call deposit will be rejected. (2) Bids received after specified date and time will be rejected. (3) The conditional and telegraphic bids will not be accepted. (4) Bids from Blacklisted firm/s will also be rejected. **ADDRESS:** Office of Assistant Director LG & RD District Pishin at Deputy Commissioner Complex, Pishin Bypass, District Pishin. Tel No: 0826-420300.

ASSISTANT DIRECTOR)
Local Govt & Rural Dev Dept, Pishin

PRQ No.1068/21-11-2022

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily SHAL Quetta

4

23 نومبر 2022ء

روزنامہ شال کوئٹہ

آمدن سے زائد اثاثے، اسحاق ڈار کو کلین چٹ، احتساب عدالت میں کارروائی ختم

اسحاق ڈار نے 4 سال بعد عدالت میں سرنڈر کیا اور بریت کی درخواست دائر کی تھی

عدالت نے اسحاق ڈار سمیت دیگر تین ملزمان کی بریت کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے ریفرنس نیب کو واپس بھجوادیا

اسلام آباد(این این آئی)احتساب عدالت نے وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار کے خلاف آمدن سے زائد اثاثہ جات کے نیب ریفرنس کی کارروائی ختم کردی۔ منگل کو احتساب عدالت اسلام آباد میں اسحاق ڈار کے خلاف آمدن سے زائد اثاثہ جات ریفرنس کی سماعت ہوئی، جس میں جج محمد بشیر نے محفوظ شدہ فیصلہ سنایا،جس کے مطابق عدالت نے قرار دیا کہ نئے ایکٹ کے تحت ہمارا دائرہ اختیار نہیں بنتا۔ عدالت نے وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار سمیت دیگر تین ملزمان کی بریت کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے ریفرنس نیب کو واپس بھجوا دیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ ترمیمی ایکٹ کے بعد بریت کی درخواستوں پر فیصلہ بھی ہمارا اختیار نہیں۔ نہ ہم نیب، نہ ہی ملزمان کے حق میں فیصلہ دے سکتے ہیں۔ اسحاق ڈار کیخلاف بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

چیئرپرسن مسابقتی کمیشن پاکستان راحت کونین حسن کی کوئٹہ چیمبر کے عہدیداران وممبران کے ساتھ گروپ فوٹو

فیصلے غلط ہوں گے تو اداروں سے تلخیاں بڑھیں گی،فواد چوہدری

ملک کو معاشی دلدل سے نکالنے کے لیے سب کو مل کر کوشش کرنی چاہیے، سابق وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ اداروں کے ساتھ تلخیاں فیصلوں پر ہوتی ہیں، فیصلے غلط ہوں گے تو تلخیاں بڑھیں گی، ٹھیک ہوں گے تو تلخیاں دور ہوں گی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں بہترین حل یہ ہے کہ سیاسی جماعتیں اور اسٹیبلشمنٹ ایک دوسرے کو موقع دیں۔ فواد چوہدری نے کہا کہ ملک کو معاشی دلدل سے نکالنے کے لیے سب کو مل کر کوشش کرنی چاہیے۔

صحبت پور CIA کی کارروائی اغواء کے مقدمہ میں پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کو مطلوب روپوش ملزم گرفتار

صحبت پور (نامہ نگار) صحبت پور CIA کی کارروائی اغواء کے مقدمہ میں پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کو مطلوب روپوش ملزم گرفتار جناب انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان و ڈی آئی جی نصیر آباد رینج جناب عبدالحئی عامر بلوچ بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

5 دسمبر کو کوئٹہ ٹو کراچی روڈ کوئٹہ ٹو سبی دونوں روڈ کو بلاک کیا جائے گا،حاجی میر داؤد شاہوانی

سریاب میں میاں غنڈی اور کیسکو کا دشت کے عوام کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک جاری ہے،بلوچستان عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی میر داؤد شاہوانی نے کہا ہے کہ 5 دسمبر بروز پیر کو کوئٹہ ٹو کراچی روڈ کوئٹہ ٹو سبی دونوں روڈ کو بلاک کیا جائے گا اور علاقے کے نوجوان بزرگ دیگر رہنما سخت سے سخت احتجاجی دھرنا اور دونوں روڈ کو بند کیا جائے گا اس لئے کہ ہمارے علاقوں میں نہ بجلی نہ گیس اور نہ ہی پانی ہے اور سریاب میں میاں غنڈی اور کیسکو کا دشت کے عوام کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک جاری ہے۔ گزشتہ کئی روز سے میاں غنڈی بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

شہریوں کے جان ومال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ منشیات کے خاتمے کے لیے پرعزم ہوں غلام جیلانی

سبی (نامہ نگار) جو ذمہ داری دی گئی ہے اس سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹوں گا شہریوں کے جان ومال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ منشیات کے خاتمے کے لیے پرعزم ہوں غلام جیلانی ایس ایچ او سٹی غلام جیلانی نے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ کے صحافیوں سے ملاقات کے دوران کہا ہے کہ شہریوں کے جان ومال کے ساتھ ساتھ منشیات جیسی لعنت کا خاتمہ بھی لازمی ہے منشیات بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

مشیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو بشیر ادوزئی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر منیر احمد موسیانی شہر کے وسط میں زیر تعمیر جنگل روڈ کلان ندی پل کا معائنہ کیا

خاران (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر منیر احمد موسیانی شہر کے وسط میں زیر تعمیر جنگل روڈ کلان ندی پل کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایکسین بی اینڈ آر عادل نصیر غلزئی، سپرینٹنڈنٹ ڈی سی آفس حاجی شوکت علی محمد حسنی، ایس ڈی او ایریگیشن انعام اللہ مینگل، سیاسی وقبائلی شخصیت حاجی بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

بلوچستان کا مستقبل BAP سے وابستہ ہے عبدالکریم نوشیروانی

بلوچستان عوامی پارٹی کو مضبوط بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں کیونکہ ملک میں کسی بھی وقت عام انتخابات کا اعلان ہوسکتا ہے

بلوچستان عوامی پارٹی مضبوط اور فعال ہوئی تو آئندہ الیکشن میں ایک بار پھر سویپ کرے گی، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا ہے کہ بلوچستان کا مستقبل بلوچستان عوامی پارٹی سے وابستہ ہے ابھی امیری محسن بلوچستان وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی وزیر سردار صالح بھوتانی سے گزارش ہے کہ وہ بلوچستان عوامی پارٹی کو مضبوط بنانے کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں کیونکہ ملک میں کسی بھی وقت عام انتخابات کا اعلان ہوسکتا ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی مضبوط اور فعال ہوئی تو آئندہ الیکشن میں ایک بار پھر سویپ کرے گی۔ یہ بات انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر بلوچستان عوامی پارٹی خاران کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی اس وقت صوبے بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

سوشل سیکورٹی کا نظام درہم برہم ہوچکا ہے ملازمین دوائیوں کے لئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں،سرینا ہوٹل لیبر یونین کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) سرینا ہوٹل لیبر یونین کوئٹہ کے صدر عرفان اللہ، جنرل سیکرٹری، چیئرمین، نائب صدر نے اپنے ایک اخباری بیان میں سوشل سیکورٹی سے متعلق ہونے والی بے قاعدگیوں کے حوالے سے انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سوشل سیکورٹی نظام درہم برہم ہوچکا ہے ملازمین دوائیوں کے لئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ سرینا ہوٹل کی انتظامیہ باقاعدگی کے ساتھ سوشل بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

شاہزیب کا قتل ذاتی رنجش قرار،سپریم کورٹ سے ملزمان کی بریت کا تفصیلی فیصلہ جاری

شاہزیب قتل کیس انا پرستی کے نتیجے میں پیش آنے والا افسوسناک واقعہ تھا،عدالت عظمیٰ

فریقین کے درمیان صلح ہوچکی ہے، مرکزی ملزم شاہ رخ جتوئی اور نواب سراج تالپور سمیت دیگر ملزمان کو بری کیا جاتا ہے،فیصلہ

اسلام آباد(این این آئی) سپریم کورٹ نے شاہزیب قتل کیس کے ملزمان کی بریت کا تفصیلی فیصلہ جاری کردیا جس میں کہا گیا ہے کہ شاہزیب قتل کیس انا پرستی کے نتیجے میں پیش آنے والا افسوسناک واقعہ تھا۔ عدالت عظمیٰ نے شاہزیب قتل کیس کے ملزمان کی بریت کا 17 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا جسے جسٹس مظاہر نقوی نے تحریر کیا ہے۔ سپریم کورٹ نے سندھ ہائیکورٹ کا ملزمان کی سزا برقرار رکھنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ فریقین کے درمیان صلح ہوچکی ہے۔

لیویز فورس کے جوانوں میں موجود صلاحیتوں کو ابھارنے اور انکی ٹیلنٹ کو نکھارنے کیلئے ہر پلیٹ فارم پر سپورٹ کرتے رہیں گے، قادر بخش پرکانی

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس قادر بخش پرکانی نے کہا کہ بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ سے تعلق رکھنے والے لیویز فورس کے جوان محمد صابر نے گزشتہ دنوں قازقستان کے شہر کاراگنڈا میں منعقد ہونیوالی NOMAD کی مکس مارشل آرٹ کی انٹرنیشنل ایونٹ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ دکھاتے ہوئے سلور تمغہ اپنے نام کیا جو کہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک کیلئے اعزاز ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر صدر کیپٹن (ر) محمد حسیب پنجپائی میں بچے کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

راولپنڈی انتظامیہ نے پی ٹی آئی کو دھرنے کا مقام بدلنے کی تجویز دیدی

راولپنڈی انتظامیہ کی تجویز کے بعد پی ٹی آئی قائدین نے دھرنے کا مقام بدلنے کے لیے انتظامیہ سے وقت مانگ لیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انتظامیہ نے تحریک انصاف کو دھرنے کا مقام بدلنے کی تجویز دے دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے 26 نومبر کو راولپنڈی میں دھرنے کا اعلان کر رکھا ہے اور پی ٹی آئی کی طرف سے مرکزی اسٹیج مری روڈ پر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ راولپنڈی انتظامیہ کی تجویز کے بعد پی ٹی آئی قائدین نے دھرنے کا مقام بدلنے کے لیے انتظامیہ سے وقت مانگ لیا۔

نصیر آباد ڈویژن میں سرکار کی جانب سے فراہم کردہ گندم کا بیج منصفانہ انداز سے تقسیم کا عمل جاری ہے، کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی

نصیر آباد (این این آئی) کمشنر نصیر آباد ڈویژن بشیر احمد بنگلزئی نے کہا ہے کہ نصیر آباد ڈویژن میں سرکار کی جانب سے فراہم کردہ گندم کا بیج منصفانہ انداز سے تقسیم کا عمل جاری ہے ڈویژن بھر کے تمام ڈپٹی کمشنرز کو سخت ہدایات دی گئی ہیں کہ 1 ایکڑ سے 16 ایکڑ اراضی تک کے مالک کاشتکاروں کو اولین فوقیت دیکر انہیں سرکار کے اس اقدام سے مستفید کیا جائے سیلاب سے متاثرہ کسانوں میں گندم کے بیج کی فراہمی کے بعد کاشتکاروں میں خوشحالی آئے گی ابتداء طور پر گندم کے بیج کی منصفانہ تقسیم کے بعد چھوٹے کاشتکاروں کے مسائل حل ہو رہے ہیں۔

24 نومبر کو وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کی قیادت میں قافلہ راولپنڈی کے لیے روانہ ہوگا، فتح اللہ

لانگ مارچ قومی آزادی کے لیے کیا جارہا ہے اس لیے سرکاری گاڑیوں کا استعمال عین ملکی مفاد کیلئے ہوگا، وزیر اطلاعات گلگت بلتستان

گلگت (این این آئی) وزیر اطلاعات گلگت بلتستان فتح اللہ نے کہا کہ 24 نومبر کو وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کی قیادت میں پی ٹی آئی کارکنان قافلے کی شکل میں راولپنڈی کیلئے روانہ ہونگے۔ فتح اللہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لانگ مارچ فوج کے خلاف نہیں بلکہ وفاقی حکومت کے خلاف کیا جارہا ہے۔ وزیر اطلاعات نے اعتراف کیا کہ لانگ مارچ کے لیے سرکاری وسائل کا استعمال کریں گے۔

اوتھل، ایس ڈی پی او وندر منور شیخ ایس ڈی پی او محبوب گبول، ایس ایچ او اوتھل امین ساسولی، ایس ایچ او وندر عبدالحق موسیانی، سی آئی اے انچارج وندر عالم انگاریہ اوتھل میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ہنہ اوڑک زمینوں پر قبضہ کرنیوالوں کیخلاف قانونی کارروائی کرے

سیلاب سے ہونیوالے 11ارب روپے کے نقصانات کے ازالے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں

ہنہ اوڑک کوئٹہ کی نمائندہ کمیٹی کے رہنما محمد نسیم کاکڑ کا گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کمانڈر 12 کور سے مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) ہنہ اوڑک کوئٹہ کے نمائندہ کمیٹی کے رہنما محمد نسیم کاکڑ نے گورنر بلوچستان، وزیر اعلیٰ بلوچستان، کمانڈر 12 کور سے مطالبہ ہے کہ ہنہ اوڑک کی زمینوں پر قبضہ کرنیوالوں خلاف قانونی کارروائی اور سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے 11ارب روپے کے نقصانات کے ازالے لئے فوری طور پر اقدامات اٹھائے جائیں۔ یہ بات انہوں نے ملک نورالدین کاکڑ، ملک محمد ایوب کاکڑ، حاجی محمد آصف کاکڑ، مولوی رحمت اللہ کاکڑ، عجب خان کاکڑ، مولوی علی بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

عمران خان کیخلاف توشہ خانہ ریفرنس،ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کا بیان قلمبند، سماعت ملتوی

کرپٹ پریکٹسز ثابت ہونے کی صورت میں عمران خان پر جرمانہ وتین سال قید کی سزا کی تلوار لٹکنے لگی

اسلام آباد (این این آئی) توشہ خانہ ریفرنس میں چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کیخلاف فوجداری کارروائی میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کا بیان قلمبند کرلیا گیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ کے ایڈیشنل سیشن جج ظفر اقبال نے توشہ خانہ ریفرنس کی سماعت کی، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر وقاص ملک عدالت میں پیش ہوئے اور بیان حلفی جمع کرادیا۔

جان محمد بلیدی، رحمت صالح بلوچ، سینیٹر اکرم دشتی ودیگر سے پروم پنجگور کے بارڈر کمیٹی کے وفد کی ملاقات

نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماؤں کا بارڈر کمیٹی کے مطالبات کی مکمل حمایت

گوادر (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل سابق ترجمان وزیر اعلیٰ بلوچستان جان محمد بلیدی، نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر سابق صوبائی وزیر صحت رحمت صالح بلوچ، سینیٹر اکرم دشتی، معتبر شیر جان، فدا جان بلیدی سے پروم پنجگور کے بارڈر کمیٹی کے وفد نے نیشنل پارٹی گوادر سیکریٹریٹ میں ملاقات کی، ملاقات میں حاجی الٰہی بخش، عارف مول جان، حاجی فضل کریم، محمد اسلم سنجرانی، ماسٹر محمد ایوب، بشیر احمد، علی احمد، حاجی گمانی، ملا یعقوب، حاجی قیصر، بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کی تعیناتی معمول کے مطابق ہونے کے بعد تحریک انصاف کی مزاحمتی سیاست ماند پڑ جائیگی، فہد حسین

تحریک انصاف کا پیدا کردہ سیاسی عدم استحکام اب اپنی آخری سانسیں لے رہا ہے، وزیراعظم کے معاون خصوصی کا بیان

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی فہد حسین نے کہا ہے کہ آرمی چیف کی تعیناتی معمول کے مطابق ہونے کے بعد تحریک انصاف کی مزاحمتی سیاست ماند پڑ جائیگی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آرمی چیف کی تعیناتی معمول کے مطابق ہونے کے بعد تحریک انصاف کی مزاحمتی سیاست ماند پڑ جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ خان صاحب کی ٹھنڈی میٹھی تقاریر نے اس کا عندیہ دینا شروع کردیا ہے مگر خان صاحب کا یہ یوٹرن پھیکا ہے کیونکہ اس کے عوض ان بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں جو کہ اسلام کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچارہے ہیں، مولانا فیض اللہ

جے یو آئی سیاست کو عبادت کا درجہ دیتی ہے ملک کو جمہوریت کی پٹری سے اتارنے کی عمران خان کی سازش کو پی ڈی ایم ناکام بنادے گی، بیان

لورالائی (این این آئی) جے یو آئی لورالائی کے ضلعی امیر صوبائی سرپرست اعلیٰ وسابق صوبائی وزیر مولانا فیض اللہ نے لورالائی میں یونٹوں کے امراء تحقیقی وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں جو کہ اسلام کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچارہے ہیں علماء کو امت کی رہنمائی کی ذمہ داری حضرت محمد نے سونپی ہے پاکستان کو اسلام کا قلعہ ہم ہی بنا کر رہے گے جے یو آئی سیاست کو عبادت کا درجہ دیتی ہے ملک کو جمہوریت کی پٹری سے اتارنے کی عمران خان کی سازش کو پی ڈی ایم ناکام بنادے گی۔

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں بجلی اور گیس کی طویل بندش نے نظام زندگی کو مفلوج کردیا، ڈاکٹر منیر بلوچ

حقیقی آزادی لانگ مارچ ظالم سے مظلوم کو چھڑانا ہے اور پاکستان کو حقیقی معنوں میں ایک آزاد خودمختار ریاست بنانا ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر منیر بلوچ نے کوئٹہ میں حقیقی آزادی لانگ مارچ کیمپین کے دوران کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کو ذہنی مریض بنادیا محکمہ واپڈا اور سوئی گیس کی اس طرز عمل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ ڈاکٹر منیر بلوچ کا کہنا تھا کہ حقیقی آزادی لانگ مارچ ظالم سے مظلوم کو چھڑانا ہے۔

الیکشن کمیشن کا کراچی میں 15 جنوری کو بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کا حکم

بلدیاتی انتخابات پہلے بارشوں کے باعث ملتوی کیے گئے تھے، تاہم بعد میں سندھ حکومت نے انہیں مزید 90 روز کے لیے ملتوی کردیا

الیکشن کمیشن کی جانب سے کراچی میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق 15 نومبر کو محفوظ کیا گیا فیصلہ منگل کو سنادیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے کراچی میں 15 جنوری کو بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کا حکم دیدیا۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے کراچی میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق 15 نومبر کو محفوظ کیا گیا فیصلہ منگل کو سنادیا گیا۔ 15 نومبر کو ہونے والی سماعت کے دوران امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمن، رہنما ایم کیو ایم وسیم اختر، ایڈمنسٹریٹر کراچی اور پی پی پی رہنما مرتضیٰ وہاب اور انسپکٹر جنرل سندھ پولیس الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہوئے تھے۔ الیکشن کمیشن کے اسپیشل سیکرٹری ظفر اقبال حسین نے بینچ کو آگاہ کیا تھا کہ بلدیاتی انتخابات پہلے بارشوں کے باعث ملتوی کیے گئے تھے، تاہم بعد میں سندھ حکومت نے انہیں مزید 90 روز کے لیے ملتوی کردیا۔

بلوچستان پولیس کی تاریخ اپنے شہداء کی قربانیوں سے بھری پڑی ہے، عبدالخالق شیخ

ہم نے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان میں ایف سی کی 44 چیک پوسٹوں میں سے 20 کا کنٹرول سنبھال لیا ہے

تقریباً 1 ہزار پولیس آفیسران اور جوانوں نے فرائض کی جاآوری کے دوران شہادت کا رتبہ پایا ہے' آئی جی پولیس بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کی تاریخ اپنے شہداء کی قربانیوں سے بھری پڑی ہے تقریباً 1 ہزار پولیس آفیسران اور جوانوں نے فرائض کی جاآوری کے دوران شہادت کا رتبہ پایا ہے ہم نے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان میں ایف سی کی 44 چیک پوسٹوں میں سے 20 کا کنٹرول سنبھال لیا ہے اور باقی پوسٹوں کا کنٹرول بھی جلد سنبھالیں گے کیونکہ پولیس میں میرٹ اور شفافیت کے ذریعے بھرتیوں کا عمل جاری ہے اور پولیس میں خواتین پولیس کے علاوہ اقلیت کے کوٹے پر خواتین پولیس کی بھرتیوں کا عمل آئندہ چند ماہ میں مکمل کرلیا جائے گا بلوچستان میں پولیسنگ کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے بلوچستانی کو عزت دو کے تحت روایات کی پاسداری کی بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

وائس چانسلر بیوٹمز احمد فاروقی بازئی سے FAQ کے نمائندہ برائے پاکستان مس فلورینس رو لے ملاقات کر رہی ہیں

حقیقی آزادی لانگ مارچ، پولیس نے مزید رقم مانگ لی

آئی جی پنجاب نے تیسرے کوارٹر کے فنڈز قبل از وقت جاری کرنے کے لیے محکمہ خزانہ کو مراسلہ بھجوادیا

لاہور (این این آئی) حقیقی آزادی لانگ مارچ کے لیے پولیس نے پنجاب حکومت سے مزید رقم مانگ لی۔ پولیس ذرائع کے مطابق رواں ماہ پیٹرول کی مد میں 1 ارب 30 کروڑ کے فنڈز جاری کیے جائیں ورنہ پولیس کی گاڑیوں کا پہیہ رک جائے گا۔ دوسرے کوارٹر کے 3 ماہ کے لیے فیول کے فنڈز ڈیڑھ ماہ میں ہی ختم ہوگئے، پیٹرول فنڈز متعلقہ اضلاع میں ہزاروں ملازمین کو ڈیوٹیوں کے لیے پک اینڈ ڈراپ پر استعمال ہوا۔ ستمبر میں لاہور کو 31 کروڑ سمیت 1 ارب بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

لیویز فورس قلات کی کامیاب کارروائی۔ بجلی تار چوریوں میں ملوث گروہ گرفتار

قلات (نامہ نگار) ضلع قلات کے مختلف مقامات سے نامعلوم ملزمان مختلف فیڈرز کی تاریں جدید ہتھیاروں سے کاٹ کرلے گئے اور نیشنل ہائی وے پر بھی رہزنوں کی کارروائیاں جاری تھیں۔۔۔۔ جس پر ایکشن لیکر ڈپٹی کمشنر بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی سب انسپکٹر سکندر سعید عمرانی کی منشیات فروشوں کے خلاف تابڑ توڑ کارروائی

نصیر آباد (نامہ نگار) ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی سب انسپکٹر سکندر سعید عمرانی کی منشیات فروشوں کے خلاف تابڑ توڑ کارروائی 1000 گرام چرس برآمد ملزم پولیس تھانہ سٹی کی حراست میں تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ و ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس نصیر آباد عبدالحئی بلوچ کے خصوصی بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے مسائل گھمبیر صورت اختیار کر گئے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

مختلف علاقوں میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ متعلقہ پولیس تھانوں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، رہنماء جے یو آئی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد اشرف جان حافظ عبدالحق حقانی مولانا حکیم حبیب اللہ حاجی محمد شاہ لالا حافظ شبیر احمد مدنی حافظ سراج الدین حافظ مجیب الرحمن ملا خیل حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ حاجی قاسم خان خلجی چوہدری محمد عاطف میر فاروق لانگو مولانا مفتی نیک محمد فاروقی مولانا سردار محمد نورزئی سالار حافظ سید سعد اللہ آغا مولانا مفتی بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

کراچی، ڈی جی لیویز قادر بخش پرکانی کو پی او ایف آئیڈیاز ایکسپورٹ کے دورے کے موقع پر اسلحہ کا معائنہ کرایا جارہا ہے

سیلاب متاثرین کی بحالی کے علاوہ تمام محکموں پر کڑی نظر ہے' ڈپٹی کمشنر

ماجھی (پور نامہ نگار) سیلاب متاثرین کی بحالی کے علاوہ تمام محکموں پر کڑی نظر ہے۔ وسائل میں رہتے ہوئے تمام مسائل کو حل کررہے ہیں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے ایجوکیشن، ہیلتھ ودیگر محکمے فعال ہے جلد نادرا آفس بھی بحال ہوجائے گی ڈپٹی کمشنر صحبت پور۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر صحبت پور جمیل بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہونا تشویشناک بات ہے ڈاکٹر افضل زرکون

صوبے میں ایڈز میں مبتلا مریضوں کی متوقع تعداد 7 ہزار سے زائد ہو چکی ہے

وباء کو ہر صورت کنٹرول کرنا انتہائی ضروری ہے، منیجر ایڈز کنٹرول پروگرام بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی ایڈز کنٹرول پروگرام کے منیجر ڈاکٹر افضل خان زرکون نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ایڈز کے مریضوں کی تعداد میں رواں سال اضافہ ہوا ہے جو کہ ہم سب کے لئے تشویش ناک بات ہے، بلوچستان میں ایڈز کی وباء کو ہر صورت کنٹرول کرنا انتہائی ضروری ہے، بلوچستان میں ایڈز میں مبتلا مریضوں کی متوقع تعداد 7 ہزار سے زیادہ ہوچکی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی ایڈز کنٹرول پروگرام کے آفس میں اس سال عالمی ایڈز ڈے کے حوالے سے سرگرمیوں کے انعقاد کو حتمی شکل دینے کے لئے ایڈز کنٹرول پروگرام اور نیٹ ورک کے ممبر تنظیموں کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی ایڈز کنٹرول نیٹ ورک کی جانب سے امان اللہ کاکڑ سوشیو پاک، وطن یار خلجی بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، واجہ جہانزیب بلوچ، ملک نصیر شاہوانی، ڈاکٹر جہانزیب جمالدینی، جہانگیر منظور بلوچ، غلام نبی مری، آغا خالد شاہ دلسوز ودیگر بی این پی کے زیر اہتمام فیض آباد سریاب میں گرینڈ شمولیتی جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

اومنی گروپ کے عبدالغنی مجید نے عمران خان کو 9ارب روپے ہرجانے کا نوٹس بھیج دیا

آپ کی پارٹی کے رہنما اومنی گروپ پر غلط اور بے بنیاد الزامات لگا رہے ہیں معافی نہیں مانگی گئی تو قانونی کارروائی کرینگے،نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ اومنی گروپ انور مجید کے بیٹے خواجہ عبدالغنی مجید نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو 9 ارب روپے ہرجانے کا لیگل نوٹس بھیج دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عبدالغنی مجید کی جانب سے بھیجے گئے لیگل نوٹس میں کہا گیا کہ آپ کی پارٹی کے رہنما اومنی گروپ پر غلط اور بے بنیاد الزامات لگا رہے ہیں، 2019 میں موسمیاتی تبدیلی کی وزیر زرتاج گل ٹی وی شو میں شریک تھیں اور زرتاج گل نے شو میں کہا کہ عبدالغنی مجید نے نیب سے 9 ارب روپے کی پلی بارگین کی ہے جب کہ شو میں چوہدری منظور احمد بھی شریک تھے۔

بڑی جدوجہد کے بعد کراچی میں فائنل بلدیاتی الیکشن کا فیصلہ آیا ہے، علی زیدی

فیروان الیکشن میں گولیاں چل رہی تھیں، ٹھپے لگ رہے تھے، اللہ اللہ کرکے پندرہ جنوری کو فیئر ٹو ہونے جارہا ہے، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سابق وزیر علی زیدی نے کہا ہے کہ بڑی جدوجہد کے بعد کراچی میں فائنل بلدیاتی الیکشن کا فیصلہ آیا ہے، کراچی اکانومی کی جڑ ہے۔ الیکشن کمیشن کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی زیدی نے کہا کہ الحمدللہ بڑی جدوجہد کے بعد فائنل بلدیاتی الیکشن کا فیصلہ آیا ہے، بلدیاتی الیکشن فیروان تو ایسا لگ رہا تھا الیکشن کم جنگ کا میدان زیادہ ہے۔ علی زیدی نے کہا کہ فیروان الیکشن میں گولیاں چل رہی تھیں، ٹھپے لگ رہے بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

ہمیں اپنے ملک اپنے فوج اور پارٹی کے ساتھ سوشل میڈیا پر ساتھ کھڑے رہے محمد قاسم گجی

صحبت پور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن سوشل میڈیا کے صدر محمد قاسم گجی نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن نائب صدر محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ نے سوشل میڈیا اس لئے بنایا کہ ہمیں اپنے ملک اپنے فوج اور پارٹی کے ساتھ سوشل میڈیا پر ساتھ کھڑے رہے بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

نااہل حکمرانوں کی وجہ سے عوام کی زندگی مصائب کا مسکن بن چکی ہے عبدالحق ہاشمی

پورے ملک کو کورکوڈک، سینڈک اور سی پیک سے ترقی دی جاسکتی ہے بدقسمتی سے بلوچستان کو ترقی وخوشحالی کے ثمرات سے محروم کیا جارہا ہے جو لمحہ فکریہ ہے

سرحد پر آمدورفت،تجارت مشکل بنا کر تاجروں،عوام سے بھتہ وپیسے طلب کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ نااہل حکمرانوں، بدعنوانی، ناانصافی کی وجہ سے عوام کی زندگی مصائب کا مسکن بن چکی ہے۔ مہنگائی بے روزگاری، جرائم نے عوام کا جینا حرام کردیا ہے۔ حکومت نے عوام کو آسانی دینے کے بجائے ساحل، بارڈر ٹریڈ، تجارتی صنعتی، زرعی سرگرمیوں میں مشکلات پیدا کررہی ہے۔ سرحد پر آمدورفت، تجارت مشکل بنا کر تاجروں، عوام سے بھتہ وپیسے طلب کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکمرانوں کو نیت ٹھیک، بدعنوانی نہ ہو تو بلوچستان کیساتھ پورے ملک کو کورکوڈک، سینڈک اور سی پیک سے ترقی دی جاسکتی ہے بدقسمتی سے بلوچستان کو ترقی وخوشحالی کے ثمرات سے محروم کیا جار بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

ارشد شریف قتل میں جو بڑے نام ملوث ہیں تحقیقاتی کمیٹی کا رخ ان کی طرف ہے، فیصل واوڈا

حکومت کی نیت کا نہیں پتہ مگر فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بگڑی ہے، امید ہے ارشد شریف کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، اصل قاتل پکڑے جائینگے، جی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق پی ٹی آئی رہنما، فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ ارشد شریف قتل میں جو بڑے نام ملوث ہیں تحقیقاتی کمیٹی کا رخ ان کی طرف ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل واوڈا نے کہا کہ تحقیقاتی کمیٹی درست ڈائریکشن میں جارہی ہے تو شواہد دینے کی ضرورت نہیں، پہلی بار تحقیقاتی کمیٹی کا رخ ایسے بڑے ناموں کی طرف ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی نیت کا نہیں پتہ لیکن فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بگڑی نظر آئی ہے، ماضی میں کمیٹی کو اس قسم کے بڑے لوگوں کی باتیں کرتے سنا نہیں ہے ارشد شریف کو پاکستان سے نکلوانے اور ڈر پیدا کرنے میں بالکل سیاستدان ملوث تھے میں نے شواہد نہیں دیئے لیکن بہت باتیں جلد سامنے آجائیں گی۔

چیف جسٹس مجاہد کالونی میں خواتین کو تشدد کا نشانہ بنانے کا نوٹس لیں

غریبوں کے گھروں کو مسمار، قومی دولت لوٹنے والوں کو چھوٹ انصاف نہیں، طارق مدنی

کراچی (این این آئی) پاکستان امن کونسل کے سربراہ طارق محمود مدنی، مولانا عبدالرزاق ہزاروی، مولانا عبدالماجد فاروقی، مفتی محمد عدنان مدنی، مولانا محمد عکاشہ، قاری محمد ندیم، قاری محمد زاہد، اسلم خان فاروقی، ڈاکٹر عبدالرحیم شیخ، ڈاکٹر محمد یوسف، ناصر رضوان خان ایڈوکیٹ، یاسین عمران والا ایڈوکیٹ، ڈاکٹر مریم ودیگر سیاسی وسماجی رہنماؤں نے ناظم آباد مجاہد کالونی میں احتجاج کرنے والی مظلوم خواتین پر پولیس کی پرتشدد کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے غم و غصے کا اظہار کیا ہے اور چیف جسٹس سندھ ہائی کورٹ جسٹس احمد علی شیخ سے ناظم آباد مجاہد کالونی میں مظلوم بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

بغاوت پر اکسانے کا الزام،شہباز گل پر فرد جرم عائد کرنے کی کارروائی 3 دسمبر تک مؤخر

عدالت کی شہباز گل اور عماد یوسف کی درخواستوں پر آئندہ سماعت پر دلائل کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اداروں میں بغاوت پر اکسانے کے الزام سے متعلق کیس میں شہباز گل پر فرد جرم عائد کرنے کی کارروائی 3 دسمبر تک مؤخر کردی گئی جبکہ عدالت نے شہباز گل اور عماد یوسف کی درخواستوں پر آئندہ سماعت پر دلائل کی ہدایت کی ہے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں اداروں میں بغاوت پر اکسانے کے الزام سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی جبکہ رہنما پی ٹی آئی شہباز گل اور دیگر ملزم عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ پبلک پراسیکیوٹر راجہ رضوان عباسی اور شہباز گل کے وکیل برہان معظم بھی عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔

وڈیرہ قمر دین دیناری کے انتقال پر ملال

سبی (نامہ نگار) سب ڈویژنل آفیسر کیسکو علی بخش گجی نے وڈیرہ قمر دین دیناری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

سکھر، شہر کے تجارتی وشہری علاقے گندگی کے ڈھیر میں تبدیل

سماجی حلقوں میں تشویش کی لہر، صوبائی وزیر بلدیات سے نوٹس لینے کی اپیل

سکھر (نمائندہ خصوصی) سکھر میونسپل کارپوریشن و صفائی عملے کی غفلت، شہر کے کاروباری وتجارتی مرکز سمیت رہائشی علاقے گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہوگئے، بیماریاں پھیلنا شروع، سماجی حلقوں میں تشویش کی لہر صوبائی وزیر بلدیات سمیت کمشنر سکھر و بالا حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق بلدیہ اعلیٰ سکھر اور صفائی عملے کی مجرمانہ غفلت اور مسلسل لاپرواہی کے باعث جگہ جگہ گندگی کے پڑے ڈھیروں نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے صفائی عملے کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے شہر کے تجارتی وکاروباری مرکز، مصروف ترین شاہراہوں پر جمع گندگی کے ڈھیروں سے اٹھنے والی تعفن کی وجہ سے وبائی امراض وبیماریاں پھیلنے کا خدشہ بھی کافی حد تک بڑھ گیا ہے۔

قلات لیویز فورس کی کامیاب کارروائی بجلی تاریں چوری کرنے والے گروہ گرفتار تاریں دیگر چوری شدہ سامان برآمد کرکے میڈیا کو بریفنگ دیں رہے ہیں